# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Thursday, August 17, 2006*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past ten in the morning with Mr. Deputy Chairman (Mr. Jan Mohammad Khan Jamali) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و اعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا واذکروا نعمت اللہ علیکم اذ کنتم اعداء فالف
بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا و کنتم علی شفا حفرۃ من النار فانقذکم منها
کذٰلک یبین اللہ لکم اٰیتہٖ لعلکم تهتدون۔

ترجمہ: اللہ کے نام شروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔
اور سب مل کر اللہ کی (ہدایت کی) رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا اور اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ

# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Thursday, August 17, 2006*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past ten in the morning with Mr. Deputy Chairman (Mr. Jan Mohammad Khan Jamali) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و اعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا واذكروا نعمت الله عليكم اذ كنتم اعداء فالف بين قلوبكم فاصبحتم بنعمته اخوانا و كنتم على شفا حفرة من النار فانقذكم منها كذلك يبين الله لكم اٰيٰته لعلكم تهتدون۔

ترجمہ: اللہ کے نام شروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔

اور سب مل کر اللہ کی (ہدایت کی) رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا اور اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ

چکے تھے تو اللہ نے تم کو اس سے بچا لیا۔ اس طرح اللہ تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ (و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین)۔

سورۃ آل عمران (آیت ۱۰۳)

جناب ڈپٹی چیئرمین، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جی جناب رضا ربانی صاحب۔ Please move the motion.

## MOTION UNDER RULE 236.

Senator Mian Raza Rabbani (Leader of the Opposition): Sir, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988, the requirements of Rule 38 of the said rules regarding Question Hour be dispensed with.

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی۔

جناب عمر ایوب خان (وزیر مملکت برائے خزانہ)، جناب! ایک Calling Attention Notice بھی ہے سینیٹر بابر اعوان صاحب کا I have Question Hour in this House as well as in the National Assembly also....

جناب ڈپٹی چیئرمین، ہاں وہ میں کر لیتا ہوں we will make it convenient.

Mr. Omar Ayub Khan: If it can be put on some other day....

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں، نہیں we will manage it today. آج ہی manage کر لیں گے۔ ہم next step پر آجاتے ہیں۔ The motion is put before the House.

*(The motion was carried).*

Mr. Deputy Chairman: Anyway, the questions should be taken as read.

# QUESTIONS AND ANSWERS

37 . *Senator Prof . Khurshid Ahmed: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to refer to the Senate Starred question No . 126 replied on 15-02-06 and state the time by which the requisite information will be furnished?

Mr. Omar Ayub Khan: SBP is collecting the information from all the Banks . As the informants relates to whole banking sector it may take 8/10 days to complete the date . As and when the exercise is completed the reply will be placed on the floor of the House.

37 . *Senator Prof . Khurshid Ahmed: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) the amount received by the Government in foreign and Pakistani currency, separately, through privatization of public units and institutions etc. during the last five years with year-wise breakup;

(b) the amount in Pakistani and foreign currency utilized out of the said amount for debt retirement with year-wise breakup indicating also the details of debts so retired; and

(c) the amount allocated for poverty alleviation projects out of the said proceeds indicating also the amount utilized out of the same so far and the names of projects on which it was spent?

Mr. Omar Ayub Khan:

## DEBT RETIREMENT

(a) The amount received through privatization is as follows:-

| Year | Privatization Receipts transferred to Govt. | US$ |
|---|---|---|
| 2001-02 | 8.35 | 0.117 |
| 2002-03 | 11.33 | 0.186 |
| 2003-04 | 11.21 | 0.199 |
| 2004-05 | 28.33 | 0.363 |
| 2005-06 April, 06 | 89.83 | 1.539 |
| Total: | 149.05 | 2.404 |

(b) Total amount received through Privatization. proceeds is used to retire the debt (90%) or to meet poverty alleviatión expenditure (10%) as per requirement of the Privatization Commission Ordinance 2000. Year-wise detail of debt retired is given below and it shows that the debt retired is for in excess of privatization proceeds.

| Year | Debt Paid (Rs. in Billion) |
|---|---|
| 2001-02 | 1912.042. |
| 2002-03 | 1239.468 |
| 2003-04 | 1055.178 |
| 2004-05 | 2047.062 |
| 2005-06 Up to April, 06 | 1196.914 |
| Total: | 7450.664 |

## PRO-POOR EXPENDITURE

(c) An amount of Rs. 1402 billion has been spent on pro-poor social sector and poverty related expenditures since 1999-2000. Year-wise breakup is at Annex-I. Sectorial break up for last two financial years 2003-04 and 2004-05 is at Annex-II. As funds are fungible there are no specific projects that can be identified. 10% of privatization proceeds are used to fund pro-poor expenditure overall.

Annexure-I

## SOCIAL SECTOR AND POVERTY RELATED EXPENDITURES

(Rs. In million)

| S.No. | Years | Amount | Non Budgetary* |
|---|---|---|---|
| 1. | 1990-00 | 114,358 | **879 |
| 2. | 2000-01 | 110,305 | ***13,600 |
| 3. | 2001-02 | 167,280 | 7,750 |
| 4. | 2002-03 | 208,840 | 14,286 |
| 5. | 2003-04 | 260,723 | 12,912 |
| 6. | 2004-05 | 316,243 | 9,264 |
| 7. | 2005-06 (Q-3) | 258,451 | N.A. |
| | Total: | 1,436,200 | 58,691 |
| | Grand Total: | 1,494,891 | |

* Non-Budgetary expenditures include, Zakat, EOBI and Micro credit.

** EOBI only

*** Zakat and EOBI only.

Annex-II

PRSP Expenditures (Rs. In Billions)

| Sectors | FY 04-05 | FY 03-04 |
|---|---|---|
| Roads, Highways, Bridges | 35.18 | 22.746 |
| Water Supply & Sanitation | 6.53 | 5.79 |
| Education | 116.87 | 97.69 |
| Health | 31.42 | 27.009 |
| Population Planning | 4.57 | 4.68 |
| Social Security & Welfare | 2.03 | 4.14 |
| Natural calamities | 0.92 | 0.53 |
| Irrigation | 37.87 | 22.50 |
| Land Reclamation | 2.1 | 2.01 |
| Rural Development | 15.36 | 18.60 |
| Food Subsidies | 5.35 | 8.51 |
| Law and Order | 47.41 | 39.37 |
| Justice | 3.11 | 2.44 |
| Low Cost Housing | 0.318 | 00 |
| Village Electrification | 4.35 | 1.422 |
| Food Support Program | 2.70 | 2.80 |
| Tawana Pakistan | 0.78 | 0.590 |
| Total | 316.24 | 260.878 |

124. *Senator Nisar Ahmad Memon: Will the Minister for Statistics be pleased to state the retail prices of bricks per 1000 cement per

bag, steel iron per ton, GI water pipes, wood per sq. ft. and copper wires as on 30th June 1996, 1998, 2000, 2002, 2004 and 2006?

**Ms. Hina Rabbani Khar** (Minister of State for Statistics): This Division only collects retail prices of selective items from the selective urban markets. Accordingly, the relevant information is as under:-

| Name | June 1996 | June 1998 | June 2000 | June 2002 | June 2004 | June 2006 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Cement Per Bag | 175.73 | 230.87 | 234.08 | 235.54 | 235.17 | 295.83 |
| Bricks (New First Class) Per 1000 | 1331.30 | 1391.26 | 1336.74 | 1488.45 | 2004.17 | 2768.18 |
| Iron Bar 1/2 Round Per Ton | 21145.83 | 19514.58 | 18433.33 | 19790.1 | 32962.42 | 33289.20 |
| Timber Log Sheesham Per Cubic Meter | 8782.69 | 11745.93 | 12873.30 | 13837.4 | 17391.92 | 21853.5 |

*Note: This Bureau does not collect the price of G. I. Water Pipes and Copper Wires.*

130. ***Senator Hameedullah Jan Afridi**: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) the names, designation, date of birth, date of appointment and date of promotion against the present posts, in order of seniority, of the persons working in grade 16 and above in the Income Tax Department; and

(b) the number of vacant posts in the said department with grade-wise break up and the time by which these will be filled in?

Mr. Omar Ayub Khan: (a) A statement showing names, designation, date of birth, date of appointment and date of promotion against the present posts, in order of seniority, of the persons working in grade 16 and above in the Income Tax Department is at Annex-I.

(b) A statement showing number of vacant posts in the Income Tax Department with grade-wise break up and the time by which the same will be filled in is at Annex-II.

*(Annexures have been placed on the table of the House as well as Library).*

229. *Senator Muhammad Talha Mahmood Aryan: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) the number of loans sanctioned by the House Building Finance Corporation prior to earthquake of 8th October, 2005 to the persons belonging to earthquake areas; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to write off the said loans?

Mr. Omar Ayub Khan: (a) The number of loans sanctioned by HBFC prior to earthquake of October 08, 2005 to the people belonging to earthquake areas are 5214.

(b) No. The Government cannot write off the loans extended by Financial Institutions/Banks. These are written off in accordance with the normal procedures/Financial Institutions.

230. *Senator Muhammad Talha Mahmood Aryan: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) the number of special development packages announced by the Government during the last two years with province-wise break-up; and

(b) the amount released so far with province-wise break-up and the time by which the remaining amount will be released?

Mr. Omar Ayub Khan: (a) The following development packages were announced by the Government during the last two years for the provinces:-

| Province | Name of Package |
|---|---|
| Punjab | Attock |
| Sindh | (i) Karachi |
| | (ii) Hyderabad |
| | (iii) Thar |
| Balochistan | Kohlu |

(b) The total amount released so far is Rs. 3280.00 million. The province-wise break-up is given below:-

| | | (Rs. in million) |
|---|---|---|
| Punjab | Attock | 1100.0 |
| Sindh | Karachi | 1080.0 |
| | Thar | 1100.0 |
| | Hyderabad | 0.0 |
| Balochistan | Kohlu* | 0.0 |

*The allocation for Hyderabad and Kohlu packages could not be made in PSDP for the last two years as the Provincial Governments did not prepare development schemes under these packages.

(i) An amount of Rs.713.740 million has been allocated for Karachi Package in PSDP-2006-07 which would be released as per Cash Plan to be provided by the Provincial Government.

(ii) An amount of Rs.260.00 million has been allocated for Hyderabad and Kohlu Packages in the PSDP-2006-07 which would be released as per Cash Plan to be provided by the Provincial Governments.

231. *Senator Muhammad Talha Mahmood Aryan: Will the Minister for Privatization and Investment be pleased to state the names of public enterprises/institutions, privatization of which is presently under process indicating also the time by which this process will be completed?

Mr. Zahid Hamid (Federal Minister for Privatization and Investment): (1) Privatization of 26 public enterprises/institutions is under process.

(2) List of aforesaid 26 public enterprises/institutions and tentative privatization schedule is attached at Annex-I.

Annex-1

As On 07-08-2006

## Public Enterprises/Institutions in respect of which Privatisation is presently under process

| S.No. | Name of Public enterprise/institution | Tentative Privatisation (Calendar Year) |
|---|---|---|
| 1. | Lasbellah Textile Mills | Bidding held on 20th July, 2006 |
| 2. | Services International Hotel, Lahore | 3rd qtr 2006 |
| 3. | National Investment Trust (NIT) | 3rd qtr 2006 |
| 4. | Lyallpur Chemical and fertilizer company | 3rd qtr 2006 |
| 5. | United Bank Limited (UBL) Secondary Public Offering. | 3rd qtr 2006 |
| 6. | Tomato Paste Plant (PARC) | 3rd qtr 2006 |
| 7. | Oil and Gas Dev Corp Ltd (GDR-Offering) | 4th qtr 2006 |
| 8. | Hazara Phosphate Fertilizer Company | 4th qtr 2006 |
| 9. | State Life Insurance Corporation (SLIC)) Initial Public Offering. | 4th qtr 2006 |
| 10. | Kot Addu Power Company (KAPCO) Secondary Public Offering. | 4th qtr 2006 |
| 11. | Heavy Mechanical Complex (HMC), Taxila | 4th qtr 2006 |
| 12. | Heavy Electrical Complex (HEC), Hattar | 4th qtr 2006 |
| 13. | National Power Construction Company | 1st qtr 2007 |
| 14. | Morafco Industries Faisalabad | 1st qtr 2007 |
| 15. | Pakistan Machine Tool Factory (PMTF), | 1st qtr 2007 |

| | | |
|---|---|---|
| | Karachi | |
| 16. | Sindh Engineering Ltd. | 1st qtr 2007 |
| 17. | Pakistan Tourism Development Corporation (PTDC) | 2nd qtr 2007 |
| 18. | Pakistan State Oil (PSO) | Dates to be determined after resolution of technical problems. |
| 19. | Pakistan Petroleum Ltd (PPL) | do |
| 20. | Sui Southern Gas Company Limited (SSGC) | do |
| 21. | Sui Northern Gas Pipeline Company Limited (SNGPL) | do |
| 22. | Jamshoro Powever Co. (GENCO 1) | do |
| 23., | Faisalabad Electric Supply Co (FESCO) | do |
| 24. | Peshawar Electric Supply Co. (PESCO) | do |
| 25. | Pakistan Mineral Development Corporation (PMDC) | do |
| 26. | Pakistan Steel Mills Corporation. | do |

240 . ***Senator Dr . Muhammad Ismail Buledi**: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state the names and addresses of the persons for whom awards have been announced in recognition of their services rendered in quake-hit areas in the country?

**Minister Incharge of the Cabinet Division**: Lists carrying names and addresss of the persons for whom the awards have been announced in recognition of their services rendered in quake-hit areas in

the country are at Annex-I and II.

*(Annexures have been placed on the table of the House as well as Library.)*

## UNSTARRED QUESTIONS AND THEIR REPLIES

12 . **Senator Nisar Ahmad Memon:** Will the Minister for Statistics be pleased to state the retail prices of the following items of daily use as on 30th June in the following years:-

| Commodity | 1995-96 | 1997-98 | 1999-00 | 2001-02 | 2003-04 | 2005-06 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Milk per ltr | | | | | | |
| Ghee per kilo | | | | | | |
| Cooking oil per ltr | | | | | | |
| Beef per kilo | | | | | | |
| Mutton per kilo | | | | | | |
| Fish per kilo | | | | | | |
| Eggs per dozen | | | | | | |
| Dal Masoor per kilo | | | | | | |
| Dal Mash per kilo | | | | | | |
| Lipton Yellow Label 250 gm | | | | | | |
| Noor Pur Butter 250 gm | | | | | | |
| Forhans Tooth Paste | | | | | | |
| Cherry Blossom Shoe | | | | | | |
| Polish (Large) | | | | | | |
| Lux Soap | | | | | | |
| Rooh Afza | | | | | | |

Ms. Hina Rabbani Khar: The relevant information is placed at Annexure-A

Annex-A

YEAR-WISE AVERAGE JUNE RETAIL PRICES

| Commidity | JUNE,96 | JUNE,97 | JUNE,98 | JUNE,99 | JUNE,2000 | JUNE,01 | JUNE,02 | JUNE,03 | JUNE,04 | JUNE,05 | JUNE,06 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Milk per liter (Fresh) | 13.60 | 14.82 | 16.17 | 16.72 | 16.99 | 17.33 | 17.29 | 17.70 | 19.28 | 22.11 | 24.33 |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | 51.07 | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | 61.75 | [illegible] | [illegible] |
| Cooking Oil 2.5 litre Dalda | 122.46 | 140.94 | 165.00 | 169.92 | 166.70 | 156.48 | 179.86 | 205.00 | 205.00 | 205.0 | 203.64 |
| Beef per kilo | 47.15 | 52.54 | 53.06 | 53.59 | 53.39 | 53.33 | 54.19 | 64.73 | 83.52 | 95.50 | 108.78 |
| Mutton per kilo | 91.70 | 95.57 | 98.22 | 101.55 | 101.75 | 103.95 | 108.39 | 126.14 | 168.23 | 180.25 | 204.03 |
| Fish per kilo (Rahu) | 69.65 | 74.93 | 82.90 | 83.59 | 88.04 | 91.92 | 93.35 | 100.11 | 100.56 | 114.39 | 120.02 |
| Eggs per dozen | 19.33 | 21.49 | 23.51 | 22.46 | 27.58 | 23.75 | 27.00 | 23.67 | 29.42 | 31.66 | 28.92 |
| Dal Masoor per kilo | 30.07 | 31.63 | 35.08 | 35.75 | 36.27 | 38.40 | 36.68 | 33.92 | 35.86 | 45.49 | 42.35 |
| Dal Mash per kilo | 33.50 | 30.26 | 28.43 | 32.02 | 46.51 | 49.05 | 39.31 | 33.81 | 34.12 | 40.35 | 69.37 |
| Lipton Yellow Label 250 gm | 42.00 | 53.00 | 60.00 | 57.44 | 62.50 | 75.00 | 75.00 | 75.00 | 75.00 | 75.00 | 77.58 |
| Butter 50 gm (Local) | 6.54 | 7.81 | 8.41 | 9.14 | 9.93 | 10.02 | 9.67 | 9.99 | 10.07 | 10.27 | 10.84 |
| Macleans Tooth Paste 70 gm | 32.00 | 33.02 | 33.89 | 38.30 | 36.00 | [illegible] | 36.00 | [illegible] | [illegible] | 36.00 | 35.86 |
| Cherry Blossom Shoe Polish (large) | 20.48 | 22.50 | 22.50 | 28.76 | 29.16 | 20.00 | 22.94 | [illegible] | 25.00 | 27.00 | 26.40 |
| Lux Soap | 12.00 | 12.50 | 12.50 | 14.00 | 14.00 | 14.00 | 15.00 | 16.00 | 15.00 | 15.00 | 13.96 |
| Rooh Afza | 58.00 | 66.00 | 65.13 | 67.60 | 70.38 | 75.00 | 75.07 | 75.00 | 75.00 | 75.00 | 81.77 |

26. **Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi**: Will the Minister for Population Welfare be pleased to state the number of NGOs working in population sector in the country which have been provided financial assistance/funds by the government during 2005-06 indicating also the names and addresses of the NGOs, names of chief executive officers/chairpersons and amount provided in each case?

**Ch. Shahbaz Hussain** (Federal Minister for Population Welfare): No funding/financial assistance was provided to any NGO in Population sector by the Federal Government during the financial year 2005-06.

29. **Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi**: Will the Minister for Population Welfare be pleased to state the names, educational qualifications, place of domicile, BPS and date of appointment of the officers of the Ministry of Population Welfare presently posted in Sindh separately in each case?

**Ch. Shahbaz Hussain**: The requisite list of officers of Ministry of Population Welfare posted in Sindh Province is attached at Annexure-A.

**ANNEXURE-A**

## LIST OF THE OFFICERS OF MINISTRY OF POPULATION WELFARE POSTED IN SINDH PROVINCE

| Sl. No. | Name of Employee | Basic Scale | Date of appointment | Domicile | Qualification | Place of Posting |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 1. | Mrs. Najma Naheed | 19 | 18-02-77 | Sindh (U) | M.Sc (Physics) | Population Welfare Training Institute (PWTI). Karachi |
| 2. | Syed Ilyas Hyeder | 19 | 17-7-86 | Sindh (U) | MSc (Stat) | Central Warehouse & Supplies (CW&S) Karachi. |
| 3. | Dr. Mrs. Razia Begum | 19 | 03-06-81 | Sindh (R) | MBBS | National Research Institute of Fertility Care. (NRIFC). Karachi |
| 4. | Dr. Pir Bux Danwar | 19 | 12-04-79 | Sindh (R) | MBBS | NRIFC. Karachi |
| 5. | Dr. Muhammad Yousuf Khawaja | 19 | 27-7-1984 | Balochistan | MBBS | Regional Training Institute (RTI), Sukkur |
| 6. | Dr. Muhammad Khan Memon | 19 | 14-11-1985 | Sindh (R) | MBBS | RTI Hyderabad. |
| 7. | S. Fayyaz Ahmad | 18 | 01-06-68 | Punjab | B.A | CW&S Karachi. |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8. | Mr. Israr Ahmad | 18 | 26-07-76 | Sindh (R) | M.A (Economics) LL.B | PWTI, Karachi |
| 9. | Mrs. Samina Ismail Brohi | 18 | 7-7-1987 | Sindh (U) | M.A (Political Science) | PWTI, Karachi |
| 10. | Mrs. Ghazala Shireen Memon | 18 | 25-5-1996 | Sindh (R) | M.A, LLB, B.Ed | CW&S, Karachi |
| 11. | Mrs. Mumtaz Hassan | 18 | 18-07-87 | Sindh (U) | M.A (Sociology) | RTI Hyderabad. |
| 12. | Dr. Zainuddin | 18 | 07-10-1985 | Sindh (U) | MBBS, MBA | NRIFC, Karachi |
| 13. | Dr. Mumtaz Jawaid Shah | 18 | 20-12-2000 | Sindh (R) | MBBS | RTI, Karachi |
| 14. | Dr. Wazeer Begum | 18 | 18-12-2000 | Sindh (R) | MBBS | RTI, Hyderabad. |
| 15. | Dr. Zainab Sahto | 18 | 18-8-2001 | Sindh (R) | MBBS | RTI, Larkana |
| 16. | Dr. Intesar A. Burney | 18 | 15-11-1986 | Sindh (U) | PHD, M. Phil, MSc | NRIFC, Karachi |
| 17. | Mr. Ghulam M Khan | 18 | 9-10-1976 | Sindh (U) | MSC, LLB, DHMS | NRIFC, Karachi |
| 18. | Dr. Rasheeda Mahar | 18 | 18-06-2003 | Sindh (R) | MBBS | RTI, Sukkur. |
| 19. | Mr. Shafqat Hussain | 17 | 08-06-1989 | Sindh (R) | M.Phill (Education) | RTI, Sukkur. |
| 20. | Mr. Muhammad Jameel, | 17 | 08-04-1974 | Sindh(U) | BA | NRIFC, Karachi |
| 21. | Mr. Akhtar Hussain Ghanghro | 17 | 01-12-1996 | Sindh (R) | M.A. | PWTI, Karachi |
| 22. | Mr. Noor Muhammad Solangi | 17 | 07-11-1982 | Sindh (U) | MA/LLB | RTI, Sukkur |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 23. | Miss. Salochina | 17 | 28-01-2004 | Sindh (R) | MBA | RTI. Karachi |
| 24. | Mr. Ghulam Ali Nizamani | 17 | 12-10-1972 | Sindh (R) | Matric | CW&S, Karachi |
| 25. | Miss. Iftikhar | 17 | 07-02-1979 | Punjab | FA. Diploma in Midwifery | RTI, Karachi |
| 26. | Mrs. Khalida Tasneem | 17 | 02-07-1978 | Punjab | B.A. Diploma in Midwifery/ LHV/Nursing | RTI, Karachi |
| 27. | Mrs.Tabassum Waseem | 17 | 13-08-1976 | Sindh (U) | Matric Diploma in Nursing | RTI, Hyderabad |
| 28. | Mrs. Naseem.Akhtar | 17 | 21-06-1977 | Sindh (R) | B.A. Diploma in Nursing | RTI, Sukkur |
| 29. | Mrs. Zahida Parveen | 17 | 20-10-2003 | Sindh (R) | B.A. Diploma in General Nursing.. Midwifery Diploma. | RTI, Hyderabad |
| 30. | Dr.Hina Muzammil | 17 | 03-02-2002 | Sindh(U) | MBBS | NRIFC, Karachi |
| 31. | Dr. Saeeda Begum | 17 | 26-10-2005 | Sindh(R) | MBBS | RTI, Hyderabad |
| 32. | Dr. Fareeha Waqar | 17 | 09-09-2004 | Sindh (U) | MBBS | RTI. Karachi |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 33. | Mr. Jameel Ahmed | 17 | 19-01-2006 | Sindh (U) | M.A (Economics) | PWTI, Karachi |
| 34. | Mr. Muhammad Irfan Siddiqui | 17 | 02-08-1976 | Sindh(U) | BA | PWTI, Karachi |
| 35. | Mr. Shujaat Ali Khan | 16 | 09-04-1971 | Sindh (U) | BA | NRIFC, Karachi |
| 36. | S. M. Azfar Iqbal | 16 | 16-10-1990 | Punjab | B.Sc | RTI, Karachi |
| 37. | Mr. Essa Chandio | 16 | 21-10-1992 | Balochistan | MA | RTI, Larkana |
| 38. | Mrs. Shahnaz Safdar Zaidi | 16 | 31-05-1975 | Sindh (U) | MA | PWTI, Karachi |
| 39. | Mr. Liaqauat Ali Gorar | 16 | 08-10-1977 | Sindh (R) | M.A. | RTI, Hyderabad |
| 40. | Mr. Zia ul Misbah | 16 | 30-10-1975 | Punjab | Matric | CW&S, Karachi |

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, the Minister is here and the honourable Senator is here also.

Mr. Deputy Chairman: We will take up the Call Attention Notice before the speeches.

جناب عمر ایوب خان، جناب! میری گزارش صرف یہ ہے کہ I have rota day in the National Assembly just now. وہاں پر میں کہہ کے آیا ہوں جی کہ I will just come to you and I also have a Standing Committee meeting today as well sir.

Mr. Deputy Chairman: Just ten minutes. We will take your ten minutes. ہاں ایک چیز close کر کے چلے جائیں نا۔ It will take ten minutes. کیونکہ آج 22 speakers تھے اس لیے یہ کرایا ہے۔ اعوان صاحب! آپ Call Attention defer کرنا چاہتے ہیں تو you may take it up now.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: I wanted today but if there is genuine difficulty of the honourable Minister, it can be shifted to any other rota day.

Mr. Omar Ayub Khan: Sir, I would request جس کی وجہ یہ ہے کہ they will be also waiting

Mr. Deputy Chairman: I think, the honourable Senator has agreed fine. He will be available tomorrow, I think.

Mr. Omar Ayub Khan: I apologize, there is only this thing کہ National Assembly میں بھی rota day ہے and we have also the standing committee.

سینیٹر میاں رضا ربانی ، جناب ! کل پہلے first thing after suspension of Question Hour, we will take it up so that then the debate goes on.

Mr. Deputy Chairman: I think, we have 22 speakers and we should finish it today.

Senator Mian Raza Rabbani: If we can finish it today, it is good, otherwise...

جناب ڈپٹی چیئرمین ، کیونکہ کل جمعہ ہو گا ' you will have to go to Jummah prayers, come back after lunch.

سینیٹر میاں رضا ربانی ، جناب ! ابھی دیکھتے ہیں کہ how it goes, we can do two seesions today, we have no problem on that.

جناب ڈپٹی چیئرمین ، ٹھیک ہے ' OK. thank you. I am ready to sit after a dinner, you might feel uneasy after that.

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، پوائنٹ آف آرڈر جناب والا!

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی عبدالرحیم خان مندوخیل صاحب ۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل ، جناب والا ! صوبہ بلوچستان میں loadshedding کے بارے میں ہم نے ایک adjournment motion پیش کی ہے ۔ چونکہ بہت serious مسئلہ ہے۔ پہلے تین مہینے loadshedding تھی اور اب پھر دو مہینے سے بڑی طویل مسلسل loadshedding ہے۔ اس سے ہمارے صوبے میں بڑی مشکلات ہیں۔ اس کے بارے میں ' میری عرض ہے کہ مجھے اجازت دی جائے کہ میں یہ تحریک ایوان میں پیش کروں اور admit ہو جائے تاکہ بحث ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، وہ تو مندوخیل صاحب ! it will be nice ! اگر وزیر پانی و بجلی خود بھی present ہوں ۔ آپ چیمبر میں آ جائیں بعد میں we will make it, the day is coming اس دن موشن لا کر then we will bring it up

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، نہیں ' جناب ! وہ اس وقت نہیں ہیں لیکن

یہاں اسلام آباد میں ہیں - -----

Mr. Deputy Chairman: I think, he has gone out of Islamabad

مجھے کل کہہ کر گئے تھے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب والا ! آپ مہربانی کرکے تحریک التوا کو

یہاں ایجنڈے پر لے آئیں تو میں اس کو ایوان میں پیش کروں اور یہاں admit ہو جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں ' Iunderstand it اس کو میرا خیال ہے کامل آغا

صاحب have you to say anything about it, concerned Minister personally

said that he will be leaving Islamabad for today. ان کا ادھر ہونا لازمی ہے -

سینیٹر کامل علی آغا (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور)، جناب والا! پہلے متعلقہ وزیر

صاحب سے پوچھنا پڑے گا جو طریقہ کار ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی بالکل۔

Senator Kamil Ali Agha: Whenever he is available

آپ اس کو take up کرلیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ اس کے بعد آجائیں اسی دن کو کردیں گے ۔۔جی بالکل۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین، مندوخیل صاحب ! انشاء اللہ ۲۲ تاریخ تک کرادیں گے -

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب والا ! میں وزیر پارلیمانی امور کے ساتھ بیٹھ کر طے کر

لوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی بالکل ' شکریہ -

سینیٹر میاں رضا ربانی، ابھی کر لیتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. So, we come down the debate then, General Javed Ashraf sahib your name is first on the list

پروفیسر خورشید صاحب بھی موجود نہیں ہیں۔اعوان صاحب -----

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب ! آج کا دن اور کل کا بھی دن ہے۔ ابھی وقت تو ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، دیکھیں جی وزیر کی موجودگی پر ہے ۔ آپ دیکھ لیں۔ جناب سپیکر کا کبھی انتظار نہیں کیا جاتا بلکہ سپیکر کو اپنی باری کا انتظار کرنا چاہیے ۔ میرے خیال میں یہ طریقہ کار تو نہیں ہے۔ آپ سپیکر کا نام لیں جو موجود ہے' ٹھیک ہے جو نہیں موجود تو debate آگے conclude ہو گی۔ وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں تین دن سے' جواب دینا چاہتے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، آج تو میرا خیال ہے debate کا دوسرا دن ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اس سے پہلے مجھے اجازت دیں we are going farward, let us come down to the leave applications first وہ کرنے دیں ۔ آج ماشاء اللہ ۲۲ سپیکرز ہیں۔ ذرا جلدی جلدی تقریریں کریں۔ آپ چاہتے ہیں کہ off session میں conclusion ہو۔

## LEAVE OF ABSENCE

جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب رضا محمد رضا نے بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۱۲ اور ۱۵ اگست ۲۰۰۶ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب ڈاکٹر خالد سومرو ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۸ تا ۱۲ اگست اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، جناب اسفند یار ولی صاحب نے ذاتی مصروفیت کی بناء پرمورخہ 15 اگست تا اختتام حالیہ اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین، جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھیم صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ کراچی میں پہلے سے طے شدہ مصروفیات کے باعث مورخہ 17 اور 18 اگست کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جناب امان اللہ خان جدون صاحب نے اطلاع دی ہے وہ ناسازی طبیعت کی بنا پر مورخہ 15 سے 19 اگست تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

Now, we come to the end of the leave applications.

جی بابر اعوان صاحب please ' کہتے ہیں kick of the debate for the day.

FURTHER DISCUSSION ON THE MOTION UNDER RULE 194

ON THE PRIVATIZATION OF THE STEEL MILLS AFTER

THE DECISION FROM THE SUPREME COURT.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Thank you very much honourable Chairman.

جناب چیئرمین! میرے ہاتھ میں پاکستان میں احتساب کی عدالت کی ایک فرد جرم ہے۔ اس فرد جرم کے متعلق جو مقدمہ ہے وہ جو اس سال کی NAB کی رپورٹ آئی ہے اس کے مطابق آج بھی عدالت میں موجود ہے۔ یہ فرد جرم پاکستان کی ایک سابق وزیر اعظم پر لگائی گئی ہے۔ یہ فرد جرم اس طرح سے پڑھی جا سکتی ہے۔

"You Mrs. Benazir Bhutto, a holder of the public office during the tenure as Prime Minister of Pakistan at Islamabad, with the predetermined mind to extend undue favour جناب والا! میں under line کرنا چاہتا ہوں۔ undue favour to M/s ARY Traders presided over the meeting of the

Cabinet Committee of ECC which committed omission and commission, thus you are liable for the corruption charges."

یہ مقدمہ راولپنڈی کی NAB عدالت میں pending ہے۔ جناب والا! میرے دوسرے ہاتھ میں ایک اور فرد جرم ہے، یہ فرد جرم بھی پاکستان کے ایک سابق وزیراعظم جناب میاں نواز شریف پر لگائی گئی اور اس فرد جرم کے نتیجے میں انہوں نے اٹک قلعے میں trial کا سامنا کیا۔ فرد جرم یہ ہے۔

"آپ میاں نواز شریف صاحب بحیثیت public office holder آپ نے الیکشن کے گوشواروں میں کہتانی کمپنی کے دیئے ہوئے ہیلی کاپٹر کا ذکر نہیں کیا" اس فرد جرم کے نتیجے میں مقدمہ چلا اور سابق وزیر اعظم کو سزا ہوئی۔

جناب والا! میرے ہاتھ میں ایک اور فرد جرم ہے، یہ فرد جرم پنجاب کے ایک سابق وزیر اعلیٰ میاں منظور احمد وٹو پر لگائی گئی۔ اس فرد جرم کے مطابق ان پر الزام ہے کہ انہوں نے اپنے دور وزارت اعلیٰ میں، جب گورنر پنجاب کے لئے 20 Jet and 5-A Aircraft خریدے گئے تو انہوں نے اس payment کو کیوں نہیں روکا جو کہ Governor House سے جاری ہوئی تھی، اور اس طرح سے انہوں نے مرحوم گورنر الطاف حسین چوہدری صاحب کو undue favour دی۔ اس کے نتیجے میں میاں منظور احمد وٹو کو تین سال تک جیل کی سلاخوں کے پیچھے رکھا گیا۔ جناب والا! میں آپ کی توجہ کے لئے ایک اور فرد جرم پڑھنا چاہتا ہوں اس فرد جرم کے لئے میں PLD 2001 Supreme Court صفحہ 568 اور اس کا متعلقہ صفحہ 574 پر جاتا ہوں۔ اس فرد جرم کا charge اس طرح سے ہے---------

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب!

دیکھا جو تیر کھا کے کمیں گاہ کی طرف
اپنے ہی دوستوں سے ملاقات ہو گئی

جناب ڈپٹی چیئرمین، یہ ہمارے دوست ادھر آپ کے پیچھے کیوں آ کر بیٹھ گئے ہیں۔ Please continue.

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب والا! چوتھا فرد جرم جو میں آپ کے سامنے پڑھنا چاہتا ہوں یہ PLD 2001, Supreme Court, page No. 568 متعلقہ صفحہ نمبر 574 اس میں لکھا ہوا ہے۔

"Charge against Muhtarma Benazir Bhutto, you as Prime Minister of Pakistan from 16th of November, 1993 to 5th of November, 1996 along with your spouse office Asif Ali Zardari, in exercise of your official functions and by abuse of your position as a holder of the public office as defined in such and such Act with the abetment, assistance and aid of the other co-accused dishonestly and through corrupt and illegal means ordered the grant of preshipment inspection contract dated 29 September, 94 to M/s DSSG surveillance in consideration."

ان چاروں کو پڑھنے کا صرف ایک مطلب تھا۔جناب والا! اور وہ مطلب یہ تھا کہ اس ایوان میں وزراء کی جانب سے کہا گیا، حکومت کی جانب سے کہا گیا، سرکار کی وکالت کرنے والوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے صرف omission or commission کا لفظ استعمال کیا undue advantage کا لفظ استعمال کیا، undue benefit کا لفظ استعمال کیا، beneficiary کا لفظ استعمال کیا اور اس لفظ کے استعمال سے کوئی criminal liability نہیں بنتی۔ میں کوئی چیلنج نہیں کرنا چاہتا عاجز آدمی ہوں، لیکن پورے اعتماد کے ساتھ میں اس ایوان میں یہ بات کہتا ہوں کہ یہ چار مقدمات اس ملک کی تاریخ کا حصہ ہیں اور جو الزامات موجودہ وزیر اعظم پر لگائے گئے ہیں وہ ان چاروں مقدمات سے سنگین تر ہیں۔ میں نے پہلی بات intro نہیں لیا میں سیدھا واقعات

کے اوپر گیا ہوں۔ میں آپ کا' ایوان کا اور اپنا وقت بھی بچاؤں گا۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہاں سب سے پہلے محترم قائد ایوان نے تقریر فرمائی لیڈر آف دی اپوزیشن کی تقریر کے جواب میں' میں پورے ادب سے کہتا ہوں اور سپریم کورٹ کا فیصلہ گواہ ہے جس طرح سے ان کو حکومت کا مقدمہ لڑنے میں سپریم کورٹ کے سامنے شکست ہوئی اسی طرح سے وہ حکومت کا مقدمہ ایوان کے سامنے بھی ہار گئے۔ انہوں نے دو باتیں کیں' انہوں نے کہا جناب پہلی بات یہ ہے کہ یہ تاریخ کو کریدنے والے لوگ ہیں۔ انہوں نے تاریخ کا ورق الٹا اپنی حکومت دکھی اور پھر موجودہ حکومت کے خلاف strategy بنانی شروع کر دی۔ ہاں! جناب وسیم سجاد صاحب سے مجھے اتفاق ہے ہم تاریخ پر نظر رکھنے والے لوگ ہیں اور انہوں نے یہ باتیں کہنے کے بعد ایک شعر اس ایوان میں پڑھا' پہلی بات جو انہوں نے کہی وہ یہ کہا کہ لوگ اس کرپشن کو نہیں مانتے' انہوں نے کہا gentleman it is the economy. جناب چیئرمین! میں آپ کی سہولت کے لیے اپنی سہولت کے لیے جو charges وزیر اعظم پر لگائے گئے ہیں ان پر مبنی NAB Ordinance کے تحت ایک FIR لے کر آیا ہوں وہ FIR میں property of the House بناتا ہوں اس سے پہلے کہ میں جناب کے سامنے پیش کروں میں ایس ایم ظفر صاحب کی دو باتوں کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ جناب ایس ایم ظفر صاحب نے پہلی بات یہ ارشاد فرمائی انہوں نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی جب حکومت گئی اور اس حکومت کے خلاف فیصلہ آیا تو فیصلے کے خلاف محترمہ بے نظیر بھٹو دوبارہ سپریم کورٹ میں گئیں۔ ہاں! آپ درست کہتے ہیں محترمہ بے نظیر بھٹو دوبارہ سپریم کورٹ میں گئیں اور انہوں نے جو آئینی relief مانگا وہ ان کو مل گیا۔ جناب والا! ایس ایم ظفر صاحب یہ کہنا بھول گئے کہ اس سے پہلے اور اس کے بعد محترم جناب نواز شریف صاحب بھی سپریم کورٹ میں گئے بحیثیت وزیر اعظم گئے انہوں نے قانون کا سامنا کیا' انہوں نے عدالت کا سامنا کیا وہ دلیری سے پیش ہوئے۔ کیا ایس ایم ظفر صاحب قوم کو یہ بتانا پسند کریں گے کہ موجودہ وزیر اعظم صاحب بھی review petition کے لیے سپریم کورٹ میں جائیں گے اور اپنی صفائی میں بیان دیں گے۔ ہم ان کے اوپر جرح کریں گے ہم دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کریں گے اور بتائیں گے کہ وہ کتنے کرپٹ وزیر اعظم ہیں تاریخ کے سب سے بڑے کرپٹ وزیر اعظم ہیں ہم سپریم کورٹ میں ثابت کریں اور وہ سپریم کورٹ کا سامنا

کریں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب والا! دوسری بات جو انہوں نے ارشاد فرمائی' میں اس پر کیا تبصرہ کروں۔ انہوں نے کہا اپوزیشن آئین کا احترام کرے' اپوزیشن قانون کا خیال کرے' اپوزیشن ضابطوں کا خیال کرے' میں پھر وسیم سجاد صاحب کی تقریر سے related ہوں۔ میں تاریخ کا ایک اور ورق الٹتا ہوں۔ جناب والا! جناب ایس ایم ظفر صاحب کے سیاسی carrier کا آغاز اس ملک میں مارشل لا کے بانی کی حکومت میں شامل ہو کر ہوا اور کل جب وہ اپوزیشن کی طرف ہاتھ اٹھا کر انگلی سے اشارہ کرکے کہہ رہے تھے کہ ہم آئین کی بات کرتے ہیں تو وہ اس ملک کے آخری اور انشاء اللہ ہمیشہ کے لیے آخری مارشل لا ایڈمنسٹریٹر کی حکومت کی وکالت کر رہے تھے یہ کیسا سانحہ ہے' یہ کیسا حادثہ ہے ؟ یہ کیسا واقعہ ہے؟ یہ تاریخ کا کیسا جبر ہے جناب والا! کہ کچھ لوگوں کے مقدر میں یہ تو آیا ہے کہ وہ جمہوریت کی بات کریں لیکن سجدہ ریز وہ آمریت کے دروازے پر ہوتے ہیں۔ کچھ لوگوں کے مقدر میں تو یہ لکھا گیا کہ وہ قانون کی بالادستی کی بات کریں لیکن وہ بندوق کی بالادستی کی حکومت کی حمایت کرتے ہیں۔ کچھ لوگوں کے مقدر میں یہ بات تو آئی کہ وہ ملک میں اپنے آپ کو وکالت سے جوڑتے ہیں لیکن کبھی بھی نہ تو نوابزادہ نصراللہ خان' علامہ مشرقی کی طرح کھڑے ہوئے اور نہ ہی کبھی انہوں نے عام آدمی کی بات کی۔ میں اس پر اور کچھ نہیں کہتا' وسیم سجاد صاحب کے طریقے پر عمل کرتے ہوئے صرف اتنا کہتا ہوں یعنی کوئی اور جو ان کے لیے کہہ گیا' وہ دہرا دیتا ہوں۔

ہر دور کے یزید کی بیعت بھی کی قبول
اور لیتے رہے نام ادب سے حسین کا

جناب والا! میں یہاں سے اب آپ کو سپریم کورٹ کے فیصلے کی طرف لے کر جاتا ہوں۔ جناب والا! میں نے پہلے عرض کیا کہ میں جو FIR لایا ہوں' جس کو میں نے property of the House اور اپنی تقریر کا حصہ بنایا ہے' وہ NAB Ordinance کے تحت ہے۔ میں اس کی copy آپ کو پیش کرنا چاہتا ہوں اور جناب! میں نے جو تجزیہ کیا ہے وہ کیا ہے؟ وہ تجزیہ میرے دوست S.M. Zafar کرنا بھول گئے۔ آپ کے صوبے سے Supreme Court

میں ایک case آیا ہے 2003 Supreme Court Monthly Review صفحہ 243 چوہدری محمد رمضان، سابق وزیر تھے، ان کے خلاف جو charge تھا، میں وہ پڑھ دیتا ہوں اور Supreme Court نے کہا یہ corruption ہے۔

No. 1, "land acquired was not suitable for the construction of the labour colony as provided under the scheme but accused with ulterior motive, selected the site and made the payment resulting in great loss to the public exchequer".

ایسی جگہ پر Labour Colony بنانے کا فیصلہ کیا جو موزوں جگہ نہیں تھی۔ جناب والا! یہ corruption کا charge تھا، Steel Mills کی فروخت نہیں تھی۔

No. 2, "accused person has not performed his duties according to law and to a certain extent, they facilitated the beneficiary to get enhanced compensation of land".

And third charge, "the accused has not taken into consideration the required provisions of law for the acquisition of land or for selecting the same for the construction of the labour colony and they had misused their official position". Accused being public office holder, they were convicted by the NAB Court. Judgement was upheld by Balochistan High Court

اور سپریم کورٹ نے کہا کہ اگر کوئی قانون، rules, regulations کی کسی جگہ پر بھی دھجیاں بکھیرے گا تو یہ corruption ہو گی۔ جناب والا! اب میں آپ کو اس FIR کی طرف لے کر چلتا ہوں، مہربانی فرما کر پہلا صفحہ ملاحظہ کیجیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اعوان صاحب! بارہ منٹ ہو گئے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، میں بیٹھ جاتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں، نہیں۔ پندرہ منٹ کی limit ہے۔ میں نے آپ کو before time warn کر دیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جب میں نے کہا کہ میں بیٹھ جاتا ہوں تو میرا ایک بھائی تو خوش ہوا۔ جناب والا! پہلی بات آئین کے آرٹیکل 189 کے مطابق سپریم کورٹ کا ہر فیصلہ Executive and Judicial Authority سب پر binding ہے، آئین کے آرٹیکل 190 کے مطابق پورے ملک کی Authorities کسی Executive Order کے ذریعے سپریم کورٹ کے فیصلے کو نہیں بدل سکتیں اور اس سلسلے میں سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ دیا جو PLD 69 Supreme Court ہے page No.403 اور سپریم کورٹ کا جو موجودہ فیصلہ ہے، اس کی روشنی میں، میں cut short کرتا ہوں، آپ دیکھیں، Corrupt and Corrupt Practices. جناب چیئرمین! NAB Ordinance کی دفعہ 9(a) کی ذیلی دفعہ 6 میں corrupt practices کو جو تعریف دی گئی ہے اس میں لکھا ہوا ہے کہ Public Office رکھنے والا یا کوئی دوسرا شخص اس وقت corruption میں ملوث کہلائے گا جب وہ اپنے آپ یا کسی اور شخص کو فائدہ پہنچانے کے لیے اختیارات کا ناجائز استعمال کرے یا ایسا کرنے کی کوشش کرے۔ اب میں Supreme Court of Pakistan کے اس فیصلے کے paragraph No.74 کی تین لائنیں پڑھتا ہوں، سپریم کورٹ نے کہا،

"The above decision of the CCOP not only reflected disregard of the mandatory rules but also the material which was essential for arriving at a fair reference price".

جناب وسیم سجاد صاحب نہیں ہیں، میری آواز وہاں تک کسی بھائی کے ذریعے ضرور پہنچے گی، gentleman, it is the corruption. اسی پیرے میں آگے کچھ لائنیں چھوڑ کر Supreme Court of Pakistan نے اگلے صفحے پر کہا CCOP while approving the Summary, the Cabinet Committee totally ignored جناب چیئرمین! totally ignored, Rule 4 of the Privatisation more than procedure rule 2001 referred to above and

instead abducted authority to the Privatisation Commission to issue the letter of acceptance. Gentlemen, it is the corruption, nothing else but the corruption. تیسری دفعہ اسی پیرے کے ایک اور صفحے پر سپریم کورٹ نے کہا،

The Cabinet Committee totally ignored the proposal of the Board of Privatisation Commission that the net assets should also be included while valuing the project. Gentlemen, it is the corruption.

اگلے صفحے کو چھوڑیے جناب والا' ایک اور صفحے پر جناب والا' ایک اور صفحے پر کہا' سپریم کورٹ آف پاکستان نے اسی فیصلے کے' یہ اس سے اگلا صفحہ ہے۔ This is violative of sectioin 24 of the General Clauses Act of 1997 as interpreted by this court in such and such case 98 SEMR page 2668 gentlemen, it is the corruption. It is glaring corruption gentlemen, it is the naked corruption. اگلے صفحے پر کہا ۔ Misuse of authority پر اب آ جائیے۔ NAB Ordinance کی سیکشن 9 (a) کی sub-section (7) کہتی ہے misuse of authority کیا ہے؟ کوئی شخص ایسی ہدایت یا پالیسی جاری کرے جس کے ذریعے کسی دوسرے کو نفع یا رعایت دی جائے۔ اب میں سپریم کورٹ کے پیراگراف نمبر ۸۷ کی طرف آتا ہوں۔ یہاں سپریم کورٹ کہتی ہے' یہ اس کے الفاظ ہیں،

This transaction is outcome of a process reflecting serious violation of law and gross irregularities with regard to the sale of first and the biggest Steel Mills that this country has from the facts admitted before use even the procedural irregularities are not disrouted. Gentlemen, this is nothing else but the corruption.

اس سے اگلا پیرا ہے جناب والا! میں جلدی جلدی پڑھنے کی کوشش کر رہا ہوں ۔ اس سے اگلے پیرے میں انہوں نے کہا۔ سپریم کورٹ کہتی ہے۔ میں اردو میں پڑھتا ہوں، ہم نے پوری تشویش کے ساتھ یہ غور کیا ہے کہ اس شعبے کی ساری exercise میں ناپسندیدہ جلد بازی کا مظاہرہ

Privatisation Commission and Cabinet Committee on Privatisation نے کیا
جس کا اظہار اس طرح سے ہوتا ہے کہ تیس مارچ ۲۰۰۶ء کو Financial Advisor کی سالانہ رپورٹ وصول ہوئی۔ اسی دن Privatisation Commission کے اہل کاروں نے آگے process کر دیا۔ پھر اسی روز Board of Privatisation Commission کی میٹنگ طلب ہو گئی۔ پھر اسی دن سودے کی summary تیار کر لی گئی۔ اگلے دن اکتیس کو میٹنگ ہوئی' یہ summary دیکھی گئی اور reference price کا تعین کر کے Privatization Commission کو سودے کی منظوری کی اجازت دی گئی۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین**، اعوان صاحب! ٹائم کا خیال رکھیں اور بھی سپیکرز ہیں۔

**سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان**، I am concluding تھوڑی سی اجازت دے دیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین**، آپ conclude کریں۔ کیونکہ آج برق رفتار ترین بھی شروع ہوئی ہے لیکن چھ گھنٹے لیٹ پہنچی۔ آگے بڑھیں۔

**سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان**، جناب میں چھ منٹ لیٹ کروں گا۔ جناب والا! اگلا پیرا دیکھ لیجیے۔ یہ تاریخ لکھی جا رہی ہے۔ Gentlemen, it is the corruption. میں سپریم کورٹ کی زبان میں بات کر رہا ہوں' اپنی زبان میں نہیں کہہ رہا۔ اگلا پیراگراف دیکھ لیجیے گا۔ لکھا ہوا ہے apart from the illegality noted above with complete violation of Rule 4. This unexplained haste caused reasonable doubt on the transparency of the whole exercise. Gentlemen, this is the corruption. اگلے پیرے میں' جہاں پر cheating کی بات آتی ہے' وہ لکھا ہوا ہے ' تعزیرات پاکستان کا میں نے حوالہ دیا ہے جناب کہ 9 (a) sub-section (11) NAB Ordinance میں لکھا ہوا ہے کہ جو کوئی دھوکا دہی کے ذریعے سے کوئی املاک فروخت کرے گا وہ ملزم ہے۔ وہ اکیس سال کے لیے نااہل ہے۔ وہ چودہ سال کے لیے قید ہو سکتا ہے۔ جناب والا اس ایف آئی آر کا اگلا page اس طرح سے پڑھا جا سکتا ہے۔ آپ دیکھ لیجیے' سپریم کورٹ کہتی ہے پیراگراف نمبر ۷۶ میں۔

There was no break up of the land which was to be sold to the strategic investor along with PSMC and further says there was no undertaking that liability of the VSS to the tune of 15 billion would be borne by the seller.

میں دو pages چھوڑ دیتا ہوں۔ میں آپ کو ایک page پر لے چلتا ہوں جناب والا! اگلے page پر آ جائیے۔ Page نمبر سات ہے اس ایف آئی آر کا۔ یہ fraud ہے اور اس fraud کو ملاحظہ کرنے کے لیے صرف ایک بات میں کہتا ہوں کہ سپریم کورٹ نے کہا کہ عارف حبیب سیکورٹیز کو فائدہ پہنچانے کے لیے یہ سودا کیا گیا۔ عارف حبیب کے ہاتھ مضبوط کیے گئے۔ اس کے لیے قانون کو روندا گیا' اس کے لیے رولز کی دھجیاں بکھیری گئیں۔ اس کے لیے آئین کو پامال کیا گیا۔ جناب والا اگلے صفحے پر چلے جائیے ۔ میں آپ کو ایک اور سیکشن پڑھا کر conclude کر دوں گا۔ کتنا loss ہوا۔ میں کہتا ہوں ' یا سپریم کورٹ کہتی ہے۔ Loss ہوا جناب والا اس طرح سے۔ آپ ایف آئی آر کے صفحہ ۹ پر تشریف لائیں۔ سرکاری خزانے کو کتنا loss پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ میں صفحہ بتاؤں گا جو سپریم کورٹ نے نقصان کا بتایا ہے وہ بتاتا ہوں۔ نمبر 1۔ Corrigendum کے ذریعے ٹیکس 75% بڑھایا گیا۔ صفحہ 63 agreement سے ہٹ کر VSS کی مد میں نقصان پندرہ بلین روپے۔ بغیر commitment کے قرضہ جات کی ادائیگی 7.67 ملین a value of inventories of the Steel Mills صفحہ 64 پر بارہ ملین روپے refund of excess tax 1 billion rupees اور اسی صفحہ ۶۴ پر cash in hand 8.517 million اگر یہ operate کرنے کی اجازت مل جاتی تو 12.151 million صفحہ ۶۴ جناب والا! tax revision mark up جسے بچانے کی کوشش کی گئی چھ ملین یہ 62.338 million بنتے ہیں۔ صدام حسین نے کہا ام الحق جنگوں کی ماں۔ امریکہ نے کہا mother of bombs میں کہتا ہوں اس mother industry کے حوالے سے جب یہ فوجی حکومت سال کرپشن منا رہی تھی تو انہوں نے mother of corruption scandal کا ارتکاب کیا ہے۔ یہ تمام کرپشنوں کی ماں ہے جو ان کے دور میں ان کو نصیب ہوئی۔ جناب والا! آخری پیرا اس طرح سے ہے total زمین -------

جناب ڈپٹی چیئرمین، Mother of corruption کے بعد تو ختم کر دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب والا! total زمین جسے ہڑپ کرنے کی کوشش کی گئی وہ پانچ ہزار ایکڑ، ریلوے ٹریک ستر کلومیٹر، پختہ سڑک ایک سو کلو میٹر۔ ان تین اثاثوں کی قیمت 51 ملین۔ سرکاری خزانے کو total نقصان 113.438 million ملزمان کون ہیں؟ کابینہ کمیٹی کا نام آ گیا۔ وزیراعظم کا نام آگیا۔ ایک نام رہ گیا۔ میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں ایف آئی آر کے آخری صفحہ 9 پر جس میں سپریم کورٹ نے کہا'

but surprisingly agreement date 24-4-2006 was executed between the President of Islamic Republic of Pakistan through the Ministry of Privatization and Investment (the "Seller") and Arif Habib.

جناب یہ عارف حبیب وہ ہے، جس عارف حبیب نے اس سودے کے دنوں میں پورے پاکستان کے Television network پر جنرل مشرف صاحب کی تقریر کو sponsor کیا اس سے بڑا کیا ثبوت دیا جاسکتا ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ایک ملزم کا اور اضافہ ہو گیا۔

جناب والا! بہت شکریہ آپ کا۔ آخری بات یہاں پر انہوں نے کہا تھا کہ

گُل کو باغ میں جانے نہ دیجیئو

کہ ناحق خون پروانے کا ہو گا

مجھے نہیں پتا کہ اس سے پہلے یہ شعر کبھی ایوان میں پڑھا گیا یا نہیں۔ لیکن میں ایک ایسا شعر پڑھنا چاہتا ہوں جو ایوان میں پہلے پڑھا جاچکا ہے اور پڑھنے والا قائد حزب اختلاف تھا۔ برسر اقتدار ایک فوجی جرنیل تھا۔ اس طرح کے حالات میں اس نے کہا تھا

یہ راز اب کوئی راز نہیں سب اہل گلستان جان گئے

ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے انجام گلستان کیا ہو گا

جناب ڈپٹی چیئرمین، احمد علی صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے تھے۔ ایک شعر کی حد میں پھر ہم آگے بڑھیں۔

سینیٹر احمد علی، ایک شعر کی حد تک رہوں گا۔ بڑی دھواں دھار تقریر تھی۔ اب وہ شعر ایسا ہے کہ وہ مچل رہا ہے باہر آنے کے لئے تیار ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ تو نہیں مچل رہے۔

سینیٹر احمد علی، نہیں جناب! وہ کہتا ہے کہ

پیدا ہوا وکیل تو X نے کہا

شکر ہے خدا کا میں صاحب اولاد ہو گیا

جناب ڈپٹی چیئرمین، گلشن سعید بھی ایک شعر کہنا چاہتی ہیں - پنجابی میں پڑھیں گی۔

سینیٹر گلشن سعید، جناب والا! میں یہ کہوں گی۔

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب

شرم تم کو مگر نہیں آتی

جناب ڈپٹی چیئرمین، چلیں۔ جی نیازی صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور)، جناب ڈپٹی چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں - ایک چھوٹی سی وضاحت میں پہلے کروں گا کہ اخبارات میں کل اور پرسوں سے ایک خبر آ رہی ہے جیسا کہ ہمارے ہر معزز رکن قومی اسمبلی اور سینیٹ یہ فرما رہے ہیں کہ ہم وزیراعظم اور اس کے ساتھیوں کے خلاف ایف آئی آر اس حوالے سے کہ سٹیل مل میں کرپشن کی گئی ہے درج کرائیں گے۔ جب میں وہ خبریں پڑھتا ہوں تو ایسے لگتا ہے جیسے میں نے انہیں کہا ہے کہ وہ ایف آئی آر درج کرائیں۔ اصل میں بات یہ نہیں ہے۔ جب یہ یہاں دھمکیاں دیتے ہیں یا lower House میں دیتے ہیں تو میں اکثر یہ کہتا رہتا ہوں کہ ہمیں دھمکیاں کیوں دیتے ہو۔ یہاں تھانہ سیکرٹریٹ بھی اور ساتھ وزیراعظم سیکرٹریٹ بھی۔ PM House کا بھی انہیں پتا ہے اور شوکت عزیز صاحب کو یہ ذاتی طور پر بھی جانتے ہیں۔ لہذا، ہمیں دھمکیاں دینے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ پولیس سٹیشن میں جا کر وہاں کام کیجئے۔ یہ سمجھتے ہیں کہ میں اخبارات میں ان کو اشتعال دلا رہا ہوں۔ بات یہ خود کہہ رہے ہیں۔ اب یہ بات ہو گئی clear. جناب والا! چھوڑیں گے، چھوڑیں گے کہنا ان کا کام ہے۔ پتا نہیں کب تک چھوڑتے ہیں یا کرتے ہیں؟ یہ کہنے کی باتیں ہیں، کرنے کی بات مشکل ہے۔

میں جو بات عرض کرنا چاہتا ہوں' وہ یہ ہے کہ جب چرچل برطانیہ کے وزیر اعظم بنے تو اس نے revenue department کو بلایا اور ان سے کہا کہ آپ مجھے ایک بات بتائیں کہ revenue کی کیا صورتحال ہے تو revenue department نے بتایا کہ ایک ایک پائی جو قوم سے اکٹھی ہوتی ہے وہ قوم کے مفادات میں لگتی ہے اور لوگوں کو حکومت پر ۱۰۰ فیصد اعتماد ہے کہ رقم انہی پر خرچ کرتے ہیں۔ جب جنگ ختم ہوگئی تو پھر صحافیوں نے پوچھا کہ جناب والا! اللہ پاک نے آپ کو جنگ میں فتح عطا کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ایک منٹ کے لئے رک جائیں۔ Peaceful transfer of power ہو رہا ہے۔

(اس موقع پر سینیٹر جناب احمد علی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب! انصاف کا ترازو اب آپ کے ہاتھ میں ہے۔ ہمیں آپ سے انصاف کی توقع ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جی بالکل' آپ کو ۱۲ منٹ ملیں گے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! جب اتحادی جیت گئے تو چرچل سے سوال ہوا تو انہوں نے سب سے زیادہ خراج تحسین عدلیہ کو دیا۔ اس نے یہ نہیں کہا کہ قوم برطانیہ یا عوام برطانیہ۔ اس نے سب سے پہلے کہا کہ عدلیہ کو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اس نے قوم برطانیہ کو یکجا رکھا' جس کو بنیادی حقوق دیئے اور دو صدیوں سے اسے ایک ایسے network میں جکڑا کہ حب الوطنی سے وہ سرشار ہوئے اور انہوں نے قوم اور ملت کی رکھوالی کی۔ اس کے لئے جان دی اور قربانیاں دیں۔ جناب والا! میں ایک چیز آپ کی وساطت سے' آپ کو بھی اور بشمول اس معزز ایوان ایک مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہاں ایک روایت چل نکلی ہے۔ جب فیصلہ ہمارے حق میں آتا ہے تو ہم ڈھول بجاتے ہیں اور مٹھائیاں بانٹتے ہیں۔ بڑی appreciation دیتے ہیں کہ ہماری عدلیہ نے بڑا کام کیا ہے۔ بہت بڑا کام کیا اور اس حوالے سے یہ بہت ہی اعلیٰ عدالت ہے اور صحیح کام کر رہی ہے۔ جب فیصلہ قانون کے حوالے سے ہمارے خلاف جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ عدالت ہی نہیں ہے۔ یہ تو Kangaroo

court ہے۔ اب جب فیصلہ آتا ہے کہ حکومت بحال ہو جاتی ہے اور بحال ہو جانے کے بعد قانون قاعدے کی بات ہوتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ کونسی عدالت ہے؟ یہ تو چمک کا شکار ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ بھی اب صورتحال یہ ہے کہ آپ اگر نگاہ ڈالیں تو آپ کو محسوس ہوگا کہ تاریخ بھری پڑی ہے اور ہمیشہ جب ہمارے مقصد کی بات ہوتی ہے تو ہم اس کی داد دیتے ہیں۔ ہمارے مقصد کے خلاف جانے لگتی ہے تو ہم سپریم کورٹ آف پاکستان پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ اس حد تک چلے جاتے ہیں کہ سوٹ کیس بھیج دیتے ہیں اور عدالت کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دوسرے سے لڑاتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی reversion ہوتی ہے۔ دنیا کی تاریخ میں یہ واقعہ صرف مملکت خداداد پاکستان میں ہوا ہے۔ آج تک دنیا میں کسی سپریم کورٹ کا چیف جسٹس اپنے عہدے سے demote ہوکر جسٹس نہیں ہوا۔ یہاں پاکستان میں ہوا۔ اب بات یہ ہے۔ ایک بات کا شکر ہے کہ الحمدللہ یہ FIRs درج کروانے والے ہیں، جو اس کے لئے دلیل دعویٰ پیش کر رہے ہیں۔ جو اتنے بڑے بڑے پیرا گراف پڑھ رہے ہیں۔

یہاں ہمارے معزز قائد حزب اختلاف نے سوا دو گھنٹے ... اور طویل فاصلہ طے کیا اور فیصلے کو پڑھنے کے لیے اور قومی اسمبلی میں بھی ہمارے معزز رکن جو jurist ہیں، اس کیس کو پیش کیا جیسا کہ وہ ایک عدالت میں کھڑے ہیں اور عدالت کے سامنے استدعا کر رہے ہیں، جیسے ہمارے ایک معزز رکن یہاں سے ایک وکیل صاحب فرما رہے تھے وہ بھی یہی کام کر رہے تھے انہیں یہ خیال ہی نہیں رہا کہ یہ معزز ایوان ہے جسے سینیٹ کہتے ہیں۔ سینیٹ ایک سیاسی، آئینی ادارہ ہے، یہ عدالت نہیں ہے۔ *Quasi judicial* اس کا کام ضرور ہے، صرف اس حد تک to vindicate its authority, to protect its privileges. میں اب یہ کہتا ہوں کہ شکر الحمد للہ کہ یہ اپنے کہے ہوئے الفاظ پر کھڑے ہو جائیں۔ کم از کم میں دعاگو ہوں کہ انہوں نے جو اتنی باتیں کی ہیں، ریکارڈ پر ہیں، قوم کے سامنے جا رہی ہیں اور یہ جتنی تعریف سپریم کورٹ آف پاکستان کی کر رہے ہیں، خدا کرے کہ چند دنوں تک یہ قائم و دائم رہے، یہ نہ ہو کہ کل پرسوں کوئی اور فیصلہ آئے، وہ قانون کے مطابق ہو، ان کے مزاج کے مطابق نہ ہو اور یہ کہیں دوبارہ ہماری عدلیہ پر اثر ہوگیا ہے، صدر صاحب نے کر دیا ہے، حکومت نے کر دیا ہے تو خدا کرے کہ انہوں نے جو یہ appreciation کی ہے اور اس چیز کو مانا ہے، یہ مانتے رہیں اور اس ادارے کا

تقدس بحال رہے۔ ایک بات۔

ہماری وکلا برادری ہے وہ بہت کچھ کہہ چکے ہیں۔ میرے خیال میں' میں وکیل نہیں ہوں' جو main اعتراض سپریم کورٹ نے کیا ہے وہ یہ ہے کہ حکومت وقت کی جانب سے Council of Common Interests جو مشترکہ مفادات کونسل ہے' جو آئین کا حصہ ہے۔ اس کو عمل میں کیوں نہیں لایا گیا۔ اگر آپ وہ short order دیکھیں تو اس میں جو پانچ نکات بلکہ چار نکات ہیں جن بنا پر اس privatization کو cancel کیا گیا ہے۔ اس میں دو کا تعلق CCI سے ہے اور تیسرے پیرے میں انہوں نے فرمایا کہ جو Privatization Commission Ordinance 2000 ہے جناب والا! یہ بھی چیلنج کیا گیا تھا۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ it is not ultra vires of the Constitution یعنی privatization 2000 کا جو قانون تھا وہ صحیح تھا۔ اس سے پہلے جو ان کے دو پیراگراف ہیں اس میں انہوں نے یہی کہا ہے کہ CCI, Council of Common Interests is corner stone of Federal structure providing for protection of the rights of the federating units. وغیرہ وغیرہ and the Federal Government do the needful expeditiously as far as possible but not later. میں اس سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ ہمارے آئین کا حصہ ہے۔

جناب والا! 25 اپریل کو جب میں نے حلف اٹھایا تو سب سے پہلا کام میں نے یہ کیا۔ جب میں نے معلومات کیں تو summary move ہو چکی تھی۔ حکومت وقت نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ Council of Common Interests تشکیل دی جائے گی لیکن چونکہ مئی اور جون بجٹ کا مہینہ ہوتا ہے اور اس میں وزیراعظم مصروف ہوگئے۔ اس لئے Council of Common Interests.... مجھے اس بات پر فخر ہے اور میں صدر محترم اور وزیراعظم پاکستان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور میں وہاں پر وفاق کی کونسل میں نمائندگی کرتا ہوں۔ یہ 73 کے آئین میں کیوں ڈالا گیا۔ وہ آپ سب کو معلوم ہے میں اس پر لیکچر نہیں دینا چاہتا۔ مشرقی پاکستان کے بحران کے بعد یہ ضروری سمجھا گیا کہ ایک ایسا فورم ہو جہاں پر چاروں صوبوں' جو باقی صوبے رہ گئے تھے وہ بیٹھ کر اپنے جو احساسات' جذبات اور اختلافات ہیں وفاق سے discuss کر سکیں۔

جناب والا! 73 کا آئین اس وقت کونسی جماعت برسر اقتدار تھی وہ ہم سب کے علم میں ہے۔ تاریخ کا حصہ ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ میرے بھائی جن کا پیپلز پارٹی سے تعلق ہے آج ادھر بیٹھے ہیں۔ ان کی دو حکومتوں میں اور یہ اس وقت محترمہ کے والد مرحوم وزیراعظم تھے جب 73 کا آئین بنایا گیا۔ محترمہ نے مناسب سمجھا کہ CCI ہو لیکن ان کی دو terms میں کبھی بھی Council of Common Interests نہ بنائی گئی' نہ کبھی اس کی میٹنگ بلائی گئی۔ آج وہ کہہ رہے ہیں کہ حکومت Council of Common Interests وغیرہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ پہلے بننی چاہیئے تھی۔ لیکن کم از کم آج بن چکی ہے اور اس نے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔

جناب والا! جو مسلم لیگ نواز شریف کی دو حکومتیں گزری ہیں یقیناً ہم یہ کہہ سکتے ہیں انہوں نے اپنے وقت میں Council of Common Interests کی میٹنگ بلائی۔ 1991 میں جو famous water accord ہوا۔ پانی کی جو تقسیم ہوئی' پانی اس میں خصوصی طور پر ایک حصہ ہے۔ پانی کی تقسیم 1991 Council of Common Interests کے ذریعے ہوئی۔ جناب والا! Council of Common Interests کے فیصلے کسی عدالت میں چیلنج نہیں ہو سکتے۔ وہ Joint Session of the Parliament ہے' نیشنل اسمبلی اور سینیٹ کے مشترکہ اجلاس میں Council of Common Interests کے فیصلوں کو over rule کیا جا سکتا ہے۔

جناب والا! میرے پاس یہ 29/5/1997 جب privatization of utility and other state owned ادارے مجھے اس پر بھی حیرانگی ہے کہ کہا جاتا ہے کہ یہ privatization کیوں ہو رہی ہے۔ دنیا بھر میں یہ کام ہو رہا ہے اور ہم اس کے برعکس دوسری طرف جانا شروع کر دیتے ہیں۔ یا تو وہ سارے جاہل ہیں یا پاگل ہیں جو privatization کر رہے ہیں یا پھر ہمیں سمجھ نہیں آ رہی۔ دنیا بھر میں' چین جو ایک کیمونسٹ ملک ہے آج وہاں پر privatization ہو رہی ہے۔ روس میں ساری privatization ہو رہی ہے۔ سوشلسٹ ملکوں میں' انڈیا میں ساری privatization ہو رہی ہے۔ یہاں پر کہا جا رہا ہے کہ آپ کیوں privatization کر رہے ہیں۔ میں یہ بھی بتاتا چلوں میں اس میٹنگ میں موجود تھا۔ وزیراعلیٰ سرحد نے صرف یہ اعتراض کیا کہ ہم privatization کے حق میں ہیں۔ ہم privatization کے حق میں ہیں لیکن

ہم یہ چاہیں گے کہ جو منافع بخش ہے اس کو نہ بیچا جائے۔ جو نقصان کر رہے ہیں ان کو بیچا جائے۔ یہ سٹیل ملز کیا کر رہی ہے؟ نقصان نہیں کر رہی۔ نقصان کر رہی ہے۔ نقصان دہ ادارہ تھا۔ نقصان کیوں کر رہی ہے؟ ہماری اپنی کمزوریوں کی وجہ سے۔ میں 85 میں بطور وزیر تجارت مرحوم جنرل ضیاء الحق صاحب کے ساتھ کوریا گیا تھا۔ وہاں پر ان کا سٹیل مل دیکھنے گئے۔ آٹھ ملین ٹن کی پیداوار تھی، چودہ ہزار مزدور کام کر رہے تھے جبکہ کراچی سٹیل مل ایک ملین ٹن اور چوبیس ہزار مزدور وہاں پر کام کر رہے ہیں۔ کیا یہ ادارے ہم نے اس لئے بنائے تھے۔ آج کل سب سے بڑا مسئلہ جناب والا! یہی ہے کہ بھئی اگر آپ کسی کو روزگار دے دیں تو اس پر بڑا احسان کر دیتے ہیں۔ وہ آپ کا ایک ووٹر بن جاتا ہے۔ کونسی حکومت چاہتی ہے کہ اپنے ووٹر کم کرے۔ ٹھیک ہے ادارے ہمارے ساتھ ہیں، ہم حاکم الوقت ہیں۔ ہماری حکومت ہے۔ ہم حبیب بنک ہے، سٹیل مل ہے، سوئی گیس ہے فلاں ہے دس دس ہزار بیس بیس ہزار بھرتی کر جائیں۔ لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ ملک کے interest میں نہیں ہے۔ ہمارے interest میں تو ذاتی طور پر ہوگا لیکن ملک کے interest میں نہیں ہے۔ کب تک ہم یہ کرتے رہیں گے۔ سو ارب روپے سے زیادہ سٹیل مل نقصان میں جا رہی ہے۔ سو ارب روپے کے ہم ہسپتال بنا سکتے تھے۔ ہم ٹیوب ویل لگا سکتے تھے۔ ہم صحت پر خرچ کر سکتے تھے اس لئے privatization صحیح ہو رہی ہے۔ آئندہ بھی ہونی چاہیئے لیکن میں آپ کو ایک decision جو 29th May 1997 کا تھا the Council of Common Interests considered the summary dated so and so submitted by the Privatization Commission on Privatization of utility میاں نواز شریف صاحب نے ریلوے، سوئی گیس، واپڈا ہر ایک کی اجازت اس فیصلے میں دی تھی۔ وہ لسٹ میرے پاس موجود ہے۔ آج ان کے نمائندے مجھے امید ہے کہ سن رہے ہوں گے۔ انہوں نے خود اجازت دی اور کہتے ہیں کہ and decided to grant post-facto approval to the investment completed by the privatisation. So far subject to the reservation پیپلز پارٹی والوں کے لیے جو یہاپر تشریف فرما ہیں، بیٹھے ہیں subject to the reservations that the non-transparent and irregular transactions during the previous government tenure of office as in the case of Kot Addu Power station, as

in the case of PTCL, as in the case of National Press Trust of Newspapers and many other transactions should be thoroughly investigated and necessary action should be taken to proceed against those involved.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ذرا ٹائم کا خیال رکھیئے۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان، یہ میاں نواز شریف کے وقت میں پیپلز پارٹی کے خلاف ---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ٹائم کا خیال رکھیئے جناب۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان، جناب والا! میں تو ٹائم کا ضرور خیال رکھوں گا لیکن جیسے یہ ایک perception ہے کہ profitable ---- میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ کوئی آپ کی Steel Mills profitable نہیں ہے، غلط فہمی ہے۔ آپ loans دے کر ان کو write off کر دیں تو یقیناً وہ profitable ہو جائے گی یہ حکومت کا ایک صحیح فیصلہ ہے اور یہ جو باقی Supreme Court نے، جناب والا! آپ کو پتا ہے کہ جو پہلے دو مرتبہ حکومتیں کر چکے ہیں ان کو 2002 میں لوگوں کے ووٹ نہ ملنے کی ایک main وجہ یہی تھی کہ ان پر corruption charges تھے۔ اب اپوزیشن کو اور تو کچھ نہیں ملا تو انہوں نے کہا چلو Steel Mills کی corruption کا واویلا لے کے کہتے ہیں mountain out of a mole hill. بنیادی طور پر جو باقی issues ہیں وہ peripheral issues ہیں main issue جو CCI کا ہے اس پر ہم نے کام شروع کر دیا ہے اور انشاء اللہ بڑے transparent طریقے سے اور آج کل کے دور میں جناب والا! media men بیٹھے ہوئے ہیں، جب میں Council of Common Interests کا ممبر بنایا گیا تو مجھے اطلاع کہاں سے ملی مجھے ایک صحافی دوست نے اطلاع دی کہ بھئی آپ کو علم ہے کہ آپ کا notification ہو چکا ہے؟ میں نے کہا مجھے تو علم نہیں ہے۔ کہنے لگے کہ مجھے علم ہے۔

آج کل press سے کیا چیز چھپی ہے؟ اور یہ بھی موجودہ حکومت کا ایک کارنامہ اور کامیابی ہے کہ آپ نے press کو آزاد کر دیا ہے۔ آج ٹیلی وژن ہے، آج ان کے پاس resources ہیں۔ آج ان اداروں کے پاس resources ہیں وہ investigate کرتے ہیں، پوچھ گچھ کرتے ہیں اور ہم appreciate کرتے ہیں۔ So that the Government of the day should be on its toes. We also appreciate the Opposition. I think strong Opposition is in the interest of the Government and keeps us on our toes. I would humbly submit sir that now the Opposition........, I think we are completing four out of five years. This is first time that a Parliament will complete its life. *Insha Allah* we will get into the election mode and I am sure that is more important. اور آپ کہتے ہیں کہ استعفیٰ دے دیں۔ آپ یہاں پر تیس چالیس آدمی بیٹھ کے استعفیٰ استعفیٰ کہہ رہے ہیں جبکہ فیصلہ کرنے والے پاکستان کے سولہ کروڑ عوام ہیں جو اگلے سال فیصلہ کریں گے کہ کون برسر اقتدار ہوگا اور کون نہیں ہوگا۔

جناب والا! میرے پاس اور بھی بہت سی باتیں ہیں لیکن میں بدمزگی پیدا نہیں کر سکتا۔ آپ لوگ یعنی پیپلز پارٹی والے نواز شریف کو کہتے تھے کہ بھئی Yellow-cab scam ہے، DAEWOO scam ہے، استعفیٰ دو استعفیٰ دو۔ کس نے استعفیٰ دیا؟ اور نواز شریف والے جب بی بی کی حکومت تھی تو کہتے تھے کہ بھئی یہ scam ہے وہ scam ہے استعفیٰ دو، استعفیٰ دو۔ کس نے استعفیٰ دیا؟ یہ آپ نئی روایت قائم کرنے کے لیے Supreme Court اور وہ Supreme Court جیسے میرے بھائی نے کہا جب اختلاف تھا اور یہ ہماری تاریخ کا بدنما حصہ ہوگا جا کر Supreme Court پر physically حملہ کرنا، میں سمجھتا ہوں اس سے ہماری ساری قوم کے سر شرمندگی سے جھکے ہوئے ہیں کہ ایک حکومت جا کے ایک Session court تو چھوڑیں ایک Supreme Court پر حملہ کر رہی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب آپ ختم کریں۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان، میں بس ختم کر رہا ہوں۔ جناب والا! میری ایم ایم اے والے بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنے صوبے میں جہاں آپ کی حکومت ہے وہاں جا کر دیکھیں کہ کیا ہو رہا ہے۔ مہربانی کر کے جا کے وہاں بھی دیکھیں۔ آپ کہتے ہیں کہ جی promotion, جبکہ میرے صوبے میں Chairman Board گریڈ اٹھارہ میں ہے اور Secretary Board جو اس کے ماتحت ہے وہ گریڈ انیس میں ہے صوبہ سرحد میں۔ یہ تو حالت ہے اور یہاں پر احتساب کی بات کر رہے ہیں اور میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ حکومت وقت نے بلوچستان میں اور دیگر علاقوں میں بھی انشاء اللہ پچاس ہزار سے کم کے جتنے قرضے Agriculture Bank والوں نے چھوٹے کاشت کاروں کو دیئے تھے وہ سب معاف کر دیئے ہیں اور اس سے پہلے بھی کئے ہیں اور آئندہ بھی ہم انشاء اللہ کرتے رہیں گے۔

جناب والا! میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ باتیں تو اور بہت ہیں کسی اور موقع پر کریں گے لیکن یہ جو تاثر ہے کہ corruption ہے ' اس میں پیسے کھائے گئے ہیں۔ میرے خیال میں یہ politically is being used ایسی کوئی بات نہیں ہے ۔ میرے خیال میں حکومت کی جو اقتصادی پالیسی ہے ۔ بالکل جیسے میرے بھائیوں نے کہا شوکت عزیز صاحب خود ایک expert ہیں ۔ اور جس طریقے سے وہ اس---' کل ہی ایک meeting میں یہ بھی خوشخبری کی بات ہے کہ جولائی کے مہینے میں جو آپ کا revenue ہے وہ 33% بڑھا ہے as compared to the last July net revenue 33% increase shows that there is buoyancy in the economy. الحمدللہ economy صحیح سمت میں جا رہی ہے۔ یقیناً مسائل ہیں۔ قیمتیں' گرانی ہے' غریب آدمی پریشان ہے۔ ان چیزوں کا ہمیں علم ہے۔ اس کے لئے آپ تجاویز لائیں اور ہماری ضرور رہنمائی کریں' شکریہ۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، شکریہ جناب ۔ محمد انور بیگ صاحب۔

Senator Muhammad Enver Baig: Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman, first of all میں سلام پیش کرتا ہوں شہید ذوالفقار علی بھٹو کو جنہوں نے ۱۹۷۴ء میں پاکستان سٹیل ملز کا foundation رکھا تھا۔ it was the vision of Shaheed

Zulfiqar Ali Bhutto who created, who has the concept of Pakistan Steel
Mills and until today there are 15000 people working for them جن کی روزی
وہاں لگی ہوئی ہے اور وہ پندرہ ہزار لوگ جو ہیں ' پچھتر ہزار لوگوں کو feed کرتے ہیں اور آج وہ
دن ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایک Government Asset کو کوڑیوں کے بھاؤ چوروں کو بیچی جا رہی
ہے۔

جناب! میں آپ کو تھوڑی سی military dictators کی history میں لے جانا چاہتا
ہوں۔ ایوب خان اس ملک پر he ruled this country for 11 years, Zia-ul-Haq for 11
years and General Musharraf seventh year going جناب مجھے اس ایوان کے اندر
یہ بتا دیں کہ military dictators نے پاکستان کے غریب عوام کے لئے کونسا ایسا منصوبہ بنایا
ہے جو آج کھڑا ہے .اور جہاں پر لوگوں کی روزی لگی ہوئی ہے؟ ایک political
government آئی between 1972 and 1977 شہید ذوالفقار علی بھٹو کی' پاکستان سٹیل مل لگا'
پندرہ ہزار آدمی کام کر رہے ہیں۔ کراچی شپ یارڈ بنا جو آج تک پانچ ہزار لوگ کام کر رہے ہیں۔
کامرہ بنا جہاں پر چار سے پانچ ہزار آدمی آج بھی کام کر رہے ہیں۔ Heavy Mechanical
Complex بنا آج بھی دس سے پندرہ ہزار آدمی کام کر رہے ہیں ۔ Sir, whenever
military dictatorship is in power, the rich class, the 0.1% of the rich class
of this nation drive جتنے loans معاف ہوتے ہیں ' امیروں کے ہوتے ہیں۔ غریبوں کے
گھر auction ہوتے ہیں ۔ As I mentioned this yesterday Mr. Chairman. Mr.
Chairman, coming back to the Steel Mills case حکومت نے بہت استادی کی کہ
پاکستان کے جو top lawyers تھے عبدالحفیظ پیرزادہ صاحب federation کو represent کر
رہے ہیں۔ شریف الدین پیرزادہ صاحب privatization کو represent کر رہے ہیں۔ خالد انور
صاحب bidders کو represent کر رہے ہیں۔ Attorney General on Court notice ہیں۔
وسیم سجاد the Leader of the House was representing Pakistan Steel Mills.
اب جناب! جو petitioners تھے اس کو بیرسٹر ظفراللہ represent کر رہے تھے and 80
years old lawyer, a barrister مجیب پیرزادہ representing the labour unions and

of course I would like to mention Miss Saadia Abbasi who was assisting and I think, they have done a wonderful job against the ظفر اللہ barriste galaxy of top lawyers which were representing the Government and sir, will not be out of place to mention that these lawyers of the petitione just bold out all the top guns of the Government of Pakistan who ar trying to protect the sale of the Pakistan Steel Mills. Sir, I am amazed they all are supposed to be graduate and there تا اللہ اتنے پڑھے لکھے لوگ ہیں are some eminent jurists وکیل جو کہ اس ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں- I am not a lawyer by profession, it is a simple english language and I thin if one has a little common sense, I mean there is difficulty i understanding the wording of this judgement which the Supreme Cou has given. Sir, I just like to read couple of paragrahps:-

"The Privatization Commission considered the evaluatio carried out by the Financial Advisors as well as the replacement cost c the plan and recommended a total value of Pakistan Steel Mills at 50 million, based on this the reference price of 75% strategic estate would 35 million, i.e. Rs. 17.43 per share."

Sir, if you go on into this judgement the decision made by th Cabinet Committee on Privatization. Privatization Commission recommending a sale of 375 million and Cabinet Committee c Privatization is selling it 348. ب! اس طریقے کے glaring examples are in the judgement, and I just fail to understand, as to why my honourable friends on the other side of the ais are trying to protect the honourable Prime Minister. Sir, I feel that t

rime Minister has been taken for a ride in this case by all the people ound him and I strongly feel that it is time that the Prime Minister onourably resigns and goes back to his original duties.

Sir, I would also like to mention NAB, it seems that NAB today s taken an over doze of sleeping pills and they are sleeping in their 'ices. They are not seeing this criminal offence created by the present vernment and no notices have been issued. And I know the Chairman NAB had a very distinguished career in the Pakistan Army, a very ight man but unfortunately after the retirement from his job from the istan Army, he has just become a puddle to the authorities who matter awalpindi.

Sir, NAB is only for Muhtarma Benazir Bhutto, Senator Asif Ali Zardari and Mr. Yousaf Raza Gillani. یہ جو اتنے rges the Supreme Court laid down in their judgement. What is this? Where is NAB? Have they taken over doze of sleeping pills? جناب! ان کا مسئلہ کیا ہے - یہ کیوں نہیں رہے؟ ایک sugar scandal ہوا' ایک دن انہوں نے بہادری دکھائی اور دوسرے دن rats, went back into their holes.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وقت کا خیال رکھیے' دس منٹ ہو گئے ہیں-

سینیٹر محمد انور بیگ، جناب! ابھی تو مجھے دو منٹ ہی ہوئے ہیں' ابھی warm up ہی نہیں ہوا' ابھی تو پسینہ ہی نہیں آیا-

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، Warm up نہ ہوں' اس کی ضرورت نہیں ہے بہت بڑے speaker ہیں' دس منٹ ہو گئے ہیں' دو منٹ اور بول لیجیے-

سینیٹر کامل علی آغا، پسینہ نہیں آیا' یہ کیا ہے - Sir, on the floor of the House یہ اس قسم کی گفتگو کرتے ہیں۔

سینیٹر محمد انور بیگ، سرا کاسے نوں کوو بہہ جاوے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ٹھیک ہے' آپ بیٹھ جائیں۔

Senator Muhammad Enver Baig: Sir, I just like to read the charges in the judgement made against Mr. Arif Habib No. 1 . FIR No. 55/003 under section 342, 386, 506 of Pakistan Penal Code at Police Station in Lahore. The suit No. 481/0003

جناب والا! یہاں پر حروف اتنے لمبے لکھے ہیں کہ میں انہیں پڑھ نہیں سکتا اور نہ گن سکتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ انہیں نہ پڑھیں۔

سینیٹر محمد انور بیگ: پتا نہیں ہے کہ 50 کروڑ ہے یا 560 کروڑ ہے۔

These are the kinds of allegations against Mr. Arif Habib. Then another suit again in the Sindh High Court. اس میں صفر اتنے زیادہ ہیں کہ میں انہیں نہیں پڑھ سکتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بات یہ نہیں ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ پہلے آپ prepare ہو کر آئیں۔

سینیٹر محمد انور بیگ، پھر ایک اور suit No. 480 ہے that is again in the Sindh High Court. Then this gentleman was president of the Karachi Stock Exchange when the crash took place. And then there are representations to the President of Pakistan against Mr. Arif Habib by the small time investors. Sir, Mr. Shaukat Aziz, I mean he could be a good person for the Members sitting on other side of the aisle but I feel Mr. Chairman that enough is enough, please do not take the people of Pakistan for a ride...

**Mr. Presiding Officer:** Thank you.

آپ کا time ہو گیا ہے۔ اس لیے آپ تشریف رکھیں۔

**Senator Muhammad Enver Baig:** For God's sake, take the first flight out: He has an open dated British Airways ticket. Just go back to his Manadim Apartments and lead a decent life because let me assure you Mr. Chairman, Mr. Shaukat Aziz can not live in this country as a commoner and I would not like to see him in Adyala Jail.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ تشریف رکھیں۔

**Senator Muhammad Enver Baig:** Therefore, I would like that the gentleman honourably quits and goes back to his original position.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ تشریف رکھیں۔

**Senator Muhammad Enver Baig:** Thank you sir. You have taken two minutes from my time.

**Mr. Presiding Officer:** OK. Thank you very much. Raza Muhammad Raza Sahib.

سینیٹر رضا محمد رضا، شکریہ۔ جناب چیئرمین! پاکستان سٹیل مل کے حوالے سے سپریم کورٹ کے اس تاریخی فیصلے پر میں مشکور ہوں کہ آپ مجھے موقع دے رہے ہیں۔ پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی اور اس ملک کے پشتون بلوچ، سندھی، سرائیکی، محکوم اقوام کے نقطہ نظر کے حوالے سے میرے پارلیمانی لیڈر جناب عبدالرحیم صاحب نے کم وقت میں مگر بہت جامع انداز میں پشتون خواہ کا اور "پونم" کا نقطہ نظر پیش کیا اور جیسے جناب اپوزیشن کے اراکین معزز سینیٹر صاحبان نے اپنے استدلال میں ثابت کیا کہ سٹیل مل کی privatization کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے میں دلائل سے ثابت ہے کہ اس میں بہت بڑے پیمانے پہ قانون کی خلاف ورزی کی گئی serious violation of law grass irregularity اور اسی قسم کے وہ

جو دلائل دیئے گئے کہ کھربوں روپے کے اس قومی اثاثے کو ہڑپ کرنے کا جس کو بڑی عیاری اور چالاکی کے ساتھ پلان بنایا گیا تھا۔ خدا کا فضل ہے کہ وہ بروقت پکڑا گیا اور اس کا راستہ روکا گیا۔ جہاں تک سپریم کورٹ کا تعلق ہے یہ سپریم کورٹ کی خوش قسمتی ہے کہ اس کو احساس ہوا کیونکہ اس ملک میں PCO کے تحت حلف اٹھانا' مارشل لاؤں کو جائز قرار دینا' انصاف کے دروازے بند کرنے سے ہمارے ملک کی عدلیہ کا بحیثیت مجموعی بالخصوص سپریم کورٹ کا وقار حد درجہ متاثر اور مجروح تھا۔ اس کے احترام میں بہت حد تک جو کمی آئی ہے اس فیصلے سے اور سپریم کورٹ نے نہ صرف اپنے آپ پر رحم کرکے اپنے وقار اور اپنی عزت کو بلند کیا بلکہ میں تو اس حوالے سے داد وتحسین پیش کروں گا کہ یہاں ہم تین سال سے چیختے چلاتے رہے' Federating unit کے نمائندہ سینیٹر جن قومی اثاثوں کا کوڑیوں کے بھاؤ جو نیلامی جاری ہے۔ جناب شوکت عزیز صاحب کے نام پر Privatization Commission کے نام پر اس کو کوئی اختیار ان کو حاصل نہیں۔ یہ ہمارے آئین میں Council of Common Interests کا دائرہ اختیار ہے۔ پاکستان کے آئین میں federation کی Legislative List Part II میں جو بھی subjects ہیں' چاہے railways, minerals, oil, gas, water, electricity اور اس سے متعلقہ industries کے متعلق کوئی فیصلہ Privatization Commission نہیں کر سکتا۔

(اس موقع پر نماز ظہر کے لیے اذان کی آواز سنائی دی)

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب والا! میں یہ کہہ رہا تھا کہ جب ہم کہتے تھے کہ یہ Council of Common Interests کا اختیار ہے اور federating units کے قومی اثاثوں کی privatization نہیں کی جاسکتی۔ Steel Mills سندھ کا قومی اثاثہ ہے' اس کی زمین سندھ کی ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ بڑا منافع بخش ادارہ ہے جس نے بڑے مختصر عرصے میں مختصر اقدامات کے ذریعے چھ ارب کمائے تھے جبکہ یہاں پر سلیم سیف اللہ صاحب کہہ رہے تھے کہ وہ منافع بخش ادارہ نہیں تھا' جناب! سپریم کورٹ نے اپنی زبان میں کہا تھا کہ اگر آپ اس کو scrap کر کے فروخت کرتے تو وہ قیمت بھی اس سے زیادہ ہوتی جس پر آپ اس کو فروخت کر رہے ہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ کس نے آپ کو یہ اختیار دیا ہے کہ آپ بڑی چالاکی سے

اس کی evaluation نہ کر کے ،ور بظاہر پانچ ہزار لیکن درحقیقت انیس ہزار ایکڑ زمین کو ہڑپ کرنا چاہتے تھے۔ جناب! یہ حقائق ہیں' یہ سندھ کا قومی اثاثہ ہے جس طرح بجلی' پانی اور minerals پشتونخواہ کا اثاثہ ہیں' گیس بلوچستان کا قومی اثاثہ ہے۔ کل آپ سوئی ناردرن اور سوئی سدرن کو بھی privatize کریں گے جیسے آپ نے حبیب بینک فروخت کیا۔ کیا وہ نہیں کما رہا تھا؟ PTCL, KESC کیا یہ نقصان والے ادارے تھے؟ یہ تو اربوں کھربوں روپے کما رہے تھے۔ جناب! اصل مسئلہ یہ ہے کہ اس ملک پر مسلط ہمارے غاصب حکمران' یہ World Bank اور IMF کے دلال ہیں' یہ ہمارے ملک کے اثاثوں پر قبضہ جمانا چاہتے ہیں اور ان کے ہاتھ کوڑیوں کے بھاؤ فروخت کر کے ہمیں اپنے وسائل سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔

جناب! میں سپریم کورٹ کا مشکور ہوں کہ اس نے بڑے بڑے notorious پیرزادوں بشمول ہمارے قائد ایوان کے دلائل کو رد کیا جو سپریم کورٹ میں غیر آئینی اقدام کو جائز قرار دینے کے لیے بار بار پیش ہوتے رہے اور میں ان وکلا کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے عوام' workers اور ملک کے سولہ کروڑ عوام کے حق میں دلائل دے کر اس قومی اثاثے کو بچا لیا لیکن خطرات sir اب بھی ہیں۔ اس طریقے سے 'یعنی جس آئین کی ہم بات کرتے ہیں' سپریم کورٹ نے اس کا بار بار ذکر کیا ہے ' اس کو علم ہے کہ یہ جو مارشلائی آئین ہے ' اس کے تمام آرٹیکل اصل آئین کے تبدیل کر کے آرڈیننسوں کے' وہ شامل کر کے کے 270(A) (a) سے ان کو یعنی جائز قرار دینے کا جو سپریم کورٹ نے ذکر کیا ہے ' اپنی زبان میں' لیکن اس کے معنی جناب یہ ہیں کہ وہ' وہ آئین نہیں' جس کے تحت Council of Common Interests قائم ہوئی تھی۔ یہ ایک نگہبان ادارہ ہے Federating Units کے قومی اثاثوں کا۔ اس کے اختیارات ہیں۔ اس کے فیصلے Joint Sitting میں ہوتے ہیں ۔ ان کی resolutions کے ذریعے ' directives جاری ہوتے ہیں Council of Common Interests کو اور یہ جو سپریم کورٹ نے خود کہا ہے کہ اہم ترین ادارہ ہے ' اس کو یہ اختیار ہے کہ وہ قوانین بنائے اور ان اثاثوں کو چلائے جن کا تعلق قوموں سے ہے' قومی وسائل سے ہے ۔ جناب ایسے حالات میں کہ سپریم کورٹ نے یہ ایک احسن اقدام کیا کہ اس نے اعتراف کیا کہ Council of Common Interests کے اختیار کی خلاف ورزی ہوئی ہے ۔ یہ جو ہماری حکومت کے لوگ کہتے ہیں کہ جی

ہمتو بلانے والے تھے۔ تین سال سے ہم بولتے رہے Council of Common Interests پہ، آپ ریکارڈ اٹھائیں، فوراً وسیم سجاد صاحب اٹھے تھے کہ یہ تو چیف ایگزیکٹو کا اختیار ہے اور یہی کچھ وہ سپریم کورٹ کے سامنے بھی کہتا رہا۔ لیکن اس نے جھٹلا دیا، رد کیا اس کے استدلال کو کہ آئین کے دو آرٹیکل کی موجودگی میں، 153, 154 کی موجودگی میں کوئی Privatisation Commission نہیں بن سکتا۔ کوئی فیصلے نہیں ہو سکتے اس کے بغیر۔ یہ اور بات ہے جناب کہ Federating Units کے پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی محکوم اقوام نے اس مارشلائی آئین کو سرے سے رد کیا ہے۔ ہم ۱۹۷۳ء کے اس آئین سے بھی متفق نہیں تھے۔ جس میں وعدے کیے گئے تھے۔ Concurrent List کے دس سال کے بعد خاتمے کا اور مکمل provincial autonomy کا اور یہ تو حقیقت ہے کہ ہمارے ملک کی تمام پارٹیاں اس نتیجے پر پہنچی ہیں اور انہوں نے ارادہ کیا ہے، عزم کر رکھا ہے کہ میثاق جمہوریت کے تحت ایک ایسا آئین تشکیل پائے گا۔۔۔۔

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین میر جان محمد خان جمالی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر رضا محمد رضا، جس میں Federating Units کی نمائندگی ہو گی۔ جس میں PCO کے ججوں کا کوئی role نہیں ہو گا۔ جس میں فوج کا، جاسوسی اداروں کا کوئی اختیار نہیں ہو گا اور عوام کی حکمرانی ہو گی۔ Maximum provincial autonomy ہو گی۔ تو جناب یہ جو ہم سالوں سے، اس ملک کے قیام سے لے کر اب تک، تمام قربانیاں دے کر، یہ مطالبہ کرتے رہے ہیں کہ پاکستان ایک federation ہے۔ اس کو جمہوری انداز سے چلانے کے لیے قوموں کی برابری کو تسلیم کرنا ہو گا۔ قوموں کے وسائل پر ان کا اختیار تسلیم کرنا ہو گا اور اس ملک میں قانون کی حکمرانی، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی بالادستی، تسلیم کرنی ہو گی اور یہ وہی باتیں ہیں جناب جس کا اسی آئین میں بھی اشارہ ہے۔ اسی آئین میں بھی ان کی نشاندہی کی گئی ہے سی سی آئی کی شکل میں۔ این ایف سی ایوارڈ کی شکل میں اور ادھر سے کوئی کھڑا ہوتا ہے، وسیم صاحب یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم تو این ایف سی ایوارڈ بھی کرنا چاہتے ہیں اور اب تک آئین کے مطابق این ایف سی ایوارڈ کا فیصلہ نہیں ہو رہا۔ ہر نگران حکومت میں آپ ڈاکا ڈالتے ہیں۔

بالخصوص قوموں کے اختیارات پر، جمہور کے اختیارات پر، پارلیمنٹ کے اختیارات پر اور مارشل لا کے بعد دوسرا اور تیسرا اور چوتھا مارشل لا اور ایک آئینی مارشل لا، مارشلائی آئین مسلط کرتے ہیں تو جناب اس کا نتیجہ یہ ہو گا، جب آپ قوموں کے اثاثے نیلام کریں گے تو غربت کی شکل میں، بدترین بے روزگاری کی شکل میں، بدترین مہنگائی کی شکل میں ان کے نتائج نکلیں گے۔ یہ صورت حال ہے جناب۔ سٹیل مل سے، یہ جو آپ کہتے ہیں کہ ہم قرضے اتارنے کے لیے پیسہ استعمال کریں privatisation کا۔ قرضوں میں تو اضافہ ہوا ہے۔ قرضے تو اس وقت بھی چھتیس بلین ڈالرز سے بڑھ گئے ہیں۔ داخلی قرضہ بیس بلین ڈالر سے بڑھ گیا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ ہم غربت کے خاتمے کے لیے یہ پیسہ استعمال کریں گے۔ غربت میں تو کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں۔ سپریم کورٹ کو یہ فیصلہ کرنا چاہیے تھا کہ اس regime کے تحت جتنے بھی ادارے privatize ہوئے ہیں ان کو کالعدم قرار دے جبکہ اس کا ایک فیصلہ غیر آئینی، غیرقانونی ثابت ہوگیا ہے تو وہ کہتے ہیں (پشتو) اس سے یہ ثابت ہوا کہ PTCL کے فیصلے میں بھی اتنا ہی ظبن ہوا ہے۔ KESC کے، حبیب بنک کے اور کل جو بھی فیصلے ہوں گے PSO کو آپ privatize کریں گے یہ اس ملک کے تمام اثاثوں کو نیلام کرنے کی بات ہے۔اس کی اجازت کسی بھی حکومت کو Federating Units کے عوام نہیں دے سکتے۔ ہم اپنی عوام کے سامنے برملا یہ کہتے رہے ہیں، پونم کے ہر جلسے میں، لاکھوں عوام کے سامنے ہم نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ہم کسی بھی فیصلے کو تسلیم نہیں کریں گے۔ اپنے وسائل پر کسی بین الاقوامی کارپوریشن نے، کسی کمپنی نے جس نے بھی جو وعدہ کیا ہے اس کو ہم تسلیم نہیں کریں گے۔ ہم اپنے وسائل سے دستبردار کرنے کا اختیار کسی کو نہیں دے سکتے۔شوکت عزیز کا بس چلے تو وہ اباسین کے دریا کو بھی privatize کرنا چاہتا ہے۔ جس طرح بجلی کو کیا ہے۔ وہ اس تاک میں بیٹھے ہیں کہ ہم کس طرح دریاؤں کے پانی کو privatize کریں۔ ہمارے ملک میں کیا بچا ہے، وہ اس وزیراعظم ہاؤس کو بھی privatize کرنا چاہتا ہے، بیچنا چاہتا ہے۔ سی ڈی اے کی زمین کو وہ نیلام نہیں کر رہا۔ جناب والا! ایسے حالات میں جب سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے اس کی زبان کے متعلق یہ غلط بات ہے ہر سیاسی کارکن آئین کا شاعر ہوتا ہے اسکو یہ پتا ہوتا ہے کہ ہمارے اختیارات کیا ہیں۔ ہمارے کیا حقوق ہیں اور آئین میں ان کے لئے کیا guarantees ہیں۔ سپریم کورٹ کی

بس یہی جرأت تھی کہ مارشل لا کے سائے میں' اس کی تلوار کے نیچے یہ فیصلہ کیا میں سلام پیش کرتا ہوں ان ججوں کو جنھوں نے جرأت سے کام لے کر یہ کہا ہے کہ واضح خلاف ورزی ہوئی ہے۔ ایک ایک نکتے کو بے نقاب کیا ہے۔ ان کی کرپشن کو۔ کرپشن کا نام یہی ہے کہ آپ انیس ہزار ایکڑ زمین کی کوئی قیمت مقرر نہیں کرتے ہیں۔ آپ سٹیل ملز کے بہترین اور اربوں روپے کے اثاثوں کی کوئی قیمت متعین نہیں کرتے ہیں۔ آپ اس کی liabilities اور ان کے دیگر جو funds ہیں ان کا کوئی ذکر نہیں کرتے ہیں اور کوڑیوں کے بھاؤ بیچتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ شفاف کام ہوا تھا۔ اس میں وزیراعظم کا کوئی ہاتھ نہیں تھا۔ سب سے اولین ذمہ دار جنرل مشرف ہے ۔ اس ملک کو نیلام کرنے کا اصل کام وہی کررہا ہے۔ شوکت عزیز تو ان کے Manager ہیں۔ شوکت عزیز کی کیا پوزیشن ہے وہ تو ایک کمپنی کے Manager کی حیثیت کا شخص ہے اس کے کیا اختیارات ہیں۔ میں اس کو تو اس کے لئے ذمہ دار بھی نہیں ٹھہراتا۔ فوجی مارشل لا کے جرنیل مشرف اور سیکورٹی کونسل کے جرنیل ان جرائم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ اس ملک کے آئین کی خلاف ورزی ' فیڈریشن کے اختیارات کے خاتمے ' پارلیمنٹ کے اختیارات کے خاتمے اور privatization کے نام پر قومی اثاثوں کو نیلام کرنے کے اقدامات یہ ناقابل معافی جرائم ہیں۔

جناب والا! اس کا علاج یہی ہے۔ جیسا کہ اپوزیشن نے یہ نسخہ' فیصلہ کیا ہے کہ اس وزیراعظم پر بھی عدم اعتماد ' اس حکومت پر بھی عدم اعتماد اور دونوں محاذوں پر پارلیمنٹ کے اندر بھی اور عوام کے محاذ پر بھی بھرپور تحریک ہو' مزاحمت ہو' مارشل لا کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، رضا صاحب ابھی تھوڑا please conclude کریں۔

سینیٹر رضا محمد رضا: میں conclude یہ کر رہا ہوں کہ Steel Mills ایک قومی اثاثہ تھا اور ہے یہ سندھ کا قومی اثاثہ ہے ' اس کی زمین سندھ کی ہے ' اس کے اثاثے سندھ کے ہیں۔ اس کا اختیار CCI کا ہے اور اس کے فیصلے joint session میں ہوں گے ۔ Privatization کی تمام پالیسی کو ہم مسترد کرتے ہیں۔ اس ملک کے اصل بحران کا سبب

privatization ہو گی۔ ہم خبردار کرنا چاہتے ہیں کہ نہ ہم سوئی سدرن کا ' نہ سوئی ناردرن کا اور نہ اپنے قومی وسائل کا اس طریقے سے جس طرح آپ نے پولیس آرڈیننس مسلط کیا' آپ نے Local Government Ordinance مسلط کیا اور مارشل لائی آئین میں اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ اب (aa) 270 کے ذریعے کوئی تحفظات نہیں دے سکتے ہیں۔یہ ایک عمرانی معاہدہ ہے۔ قوموں نے برابر اپنی سرزمین کے مالک کی حیثیت سے اس فیڈریشن میں جمہوری انداز سے رہنے کے لئے ایک فیصلہ کیا تھا۔ ایک عمرانی معاہدہ ہے۔ اس میں بنیادی بات یہ ہے کہ قوموں کی مرضی سے آئین کے تحت پارلیمنٹ کی بالادست ہوگی تو فیصلے پارلیمنٹ میں ہوں گے۔ Federating Units کی برابری ہوگی۔ ہر قوم اپنے وسائل کی مالک ہوگی۔ کوئی شخص' کوئی ادارہ' کوئی Privatization Commission قوموں کی ملکیت کو فروخت کرنے کا اختیار حاصل نہیں کر سکتا۔ آخر میں جناب! سپریم کورٹ سے میں یہی استدعا کرتا ہوں کہ اس کا فریضہ یہی ہے کہ آئین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف وہ جرأت کا مظاہرہ کریں جس طرح انہوں نے اس فیصلے میں کیا۔ اس فیصلے سے سپریم کورٹ کا وقار بلند ہوا ہے۔ اس کے احترام میں اضافہ ہوا ہے۔ اس کے چیف جسٹس نے بجا طور پر کہا تھا کہ عدلیہ کا احترام ان کے فیصلوں پر منحصر ہے۔ عوام نے دیکھ لیا کہ جب سپریم کورٹ سٹیل ملز کی hearing کر رہی تھی جو تمام اخبارات میں آ رہا تھا۔ ہر روز کے فیصلے۔ اس استدلال سے جو سپریم کورٹ اپنی comments دیتی رہی۔ اس سے اس کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ آئندہ بھی جب ایسے فیصلے ہوں تو پھر ملک چلے گا۔ یہ privat ion نامنظور' قطعاً نامنظور۔ Thank you sir.

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین، ڈاکٹر صفدر عباسی! آپ اپنا نام آخر میں لے گئے ہیں۔ آپ ہر وقت آخر میں کرنا چاہتے ہیں۔ میڈم گلشن سعید صاحبہ۔

سینیٹر گلشن سعید، شکریہ جناب چیئرمین! کہ آخر کار ہماری باری بھی آئی۔ یہ House تو آپ نے صرف Opposition کی تقریروں کے لئے رکھا ہوا ہے۔ مجھے ایک بات سمجھ کبھی نہیں آئی کہ یہاں پر یہ ممبر ہیں یا نوکری کرتے ہیں۔ ایک ممبر جب تقریر کرتا ہے تو

اس کے بعد غائب ہو جاتا ہے۔ دوسرا آتا ہے وہ تقریر کرتا ہے اور اٹھ کر غائب ہو جاتا ہے۔ بھئی! جب الزام لگاتے ہو، باتیں کرتے ہو، باتیں سناتے ہو تو جواب بھی تو سن لو۔ اب سارے جو باہر بیٹھے ہوئے ہیں ان کو بلائیں جواب سننے کے لئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میڈم! مجھے address کریں۔ میرا چہرہ اگر آپ کو acceptable ہے تو پھر مجھے address کریں۔

(اس موقع پر اپوزیشن کے اراکین نے ڈیسک بجائے)

سینیٹر گلشن سعید : دیکھا۔ ان کو آپ نے خوش کیا۔ میں صحیح کہتی ہوں۔ ان کو آپ نے خوش کیا۔ جناب والا! میں یہی کہتی ہوں کہ یہ ساون کے اندھے ہیں، ان کو سب کچھ ہرا ہرا نظر آتا ہے۔ جب جواب آئے تو بھی ان سب کو بیٹھ کر سننا چاہیے۔ جناب والا! آج کی بحث کا موضوع ہے سٹیل مز۔ میں نے سب کی تقریریں سنیں۔ دعوے سنے اور کرپشن کی باتیں سنیں۔ سب کچھ سنا۔ Actually ان کے دور میں اتنی کرپشن ہوئی ہے میرے خیال میں کہ ان کو کوئی چیز normal نظر نہیں آتی۔ ہر بات میں یہ دال میں کالا کالا ڈھونڈتے رہتے ہیں۔ اس وقت بھی ان کو سٹیل مز مل گئی ہے، موقع مل گیا ہے۔ ابھی تک میرے فاضل بھائی جو تقریر کر رہے تھے، کہہ رہے تھے کہ شکر ہے کہ اس فیصلے سے سپریم کورٹ کی عزت بحال ہوئی۔ جناب چیئرمین! یہ contempt of court ہے۔ یہ لفظ کہنا۔ اس کا مطلب ہے کہ آج سے سپریم کورٹ کی کوئی عزت نہیں تھی۔ رضا محمد صاحب ابھی کہہ کر گئے ہیں کہ اس فیصلے سے فاضل عدالت کی عزت میں اضافہ ہوا ہے۔ تو کیا اس سے پہلے ان کی عزت میں اضافہ نہیں تھا؟ یا وہ سپریم کورٹ نہیں تھی۔ اپنے دور میں یہ حملے کرتے رہے، بے عزتی کرتے رہے اور ججوں کو فارغ کرتے رہے ہیں۔ اس وجہ سے آج بھی ان کے منہ سے یہی باتیں نکل رہی ہیں۔ مجھے بڑا افسوس ہے۔ میں سپریم کورٹ کا بالکل احترام کرتی ہوں اور ان کے فیصلے کا۔ میرے خیال میں جب سپریم کورٹ کا فیصلہ آ گیا ہے کہ سٹیل مز بے قاعدگیوں کے ساتھ بیچی گئی ہے تو اس کے بعد اس پر بحث کی ضرورت نہیں تھی، سوائے اس کے کہ اگر ہماری حکومت کوشش کرتی کہ privatize کرنا ہے تو اس کا دوبارہ Ad دے اور دوبارہ اس کی quotation دے۔ مگر جس

طرح کے یہ الزامات لگاتے ہیں' یہ اپنے دور کی باتیں کیوں بھولتے جا رہے ہیں؟ یہ کیوں بھولتے جا رہے ہیں کہ انہوں نے موٹر وے میں' قرض اتارو اور ملک سنوارو مہم میں بھی کرپشن کی ہے۔ لوگوں کے پاؤنڈز اور ڈالرز یہ کھا گئے ہیں۔ میرے پاس ان پر الزامات کی ایک پوری لسٹ ہے۔ یہ دونوں پارٹیاں ایک دوسرے پر اس وقت الزام لگاتی تھیں۔ آج یہ دونوں مل کر ہم پر الزام لگا رہے ہیں۔ بھئی ہماری تو کوئی کرپشن ہے ہی نہیں۔ حکومت کی کیا کرپشن ہے جو یہ باتیں کر رہے ہیں؟ ان کو موقع مل گیا ہے سٹیل مِلز کا۔ اب بات کر رہے ہیں سٹیل مل کی۔ ان کا یہ حال ہے جناب والا! میں ایک شعر کہتی ہوں

یہ نہ ہوتا تو کوئی دوسرا غم ہونا تھا

اپنی تقدیر میں ہر حال میں بس رونا تھا

انہوں نے بس رونا ہی رونا ہے۔ رونا ہی رونا ہے۔ سب سے پہلے جناب والا ! میں سلام کرتی ہوں اپنی مسلم لیگ کے چوہدری شجاعت حسین صاحب کو کہ وہ صدر منتخب ہوئے ہیں۔ اس کے بعد چوہدری پرویز الٰہی کو ' ہمارے پنجاب میں اور پورے پاکستان میں جتنے میگا پروجیکٹس ہماری حکومت نے چلائے ہیں' یہ تو مثال نہیں دے سکتے۔ جمہوریت کی سب سے بڑی مثال ہے کہ آج عدلیہ آزاد ہے' ان کے وقت میں کب آزاد تھی؟ آزاد نہیں تھی تو اس پر حملے کرتے تھے ' physically judges پر بھی اور عدالت کی عمارت پر بھی۔ ہمارے دور میں عدلیہ آزاد ہے وہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ سارے صحافی بیٹھے ہوئے ہیں' سارے سن رہے ہیں کہ ہمارے دور میں عدلیہ آزاد ہے ۔ صحافی جو چاہیں لکھیں' ان کے بارے میں لکھتے ہیں' ہمارا جواب لکھیں نہ لکھیں مگر پھر بھی ہم احترام کرتے ہیں اپنی صحافت کا کہ یہ لوگ بیٹھے ہیں اور یہ ان کا صبر ہے کہ یہ باتیں سنتے ہیں۔ یہ تاریخ نہ بھولیں' نہ میں بھولی ہوں۔

پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلی حکومت ہے جس نے چار سال پورے کیے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ اگلے سال تک پانچ سال پورے کرکے الیکشن کرائے گی اور دوبارہ re-elect ہوگی۔ میں اپنے وزیر اعظم شوکت عزیز صاحب' صدر پرویز مشرف صاحب کو پورا credit دیتی ہوں جبکہ صدر پرویز مشرف صاحب ان کے بقول بڑے ظالم جنرل ہیں' آج تک تو انہوں نے ظلم نہیں دکھایا سوائے اس کے کہ پاکستان کو بری نظر سے بچایا ہے۔ ہمیں شکرگزار ہونا چاہیے ۔ پتا نہیں ان کی

غیرت کہاں چلی گئی ہے۔ یہ ممبر ہیں پارلیمنٹ کے، کیوں نہیں پاکستانی بن کر سوچتے؟

جناب والا! جب ہم نے یہاں پر سینیٹ میں حلف اٹھایا تو ہم نے یہ کہا تھا کہ ہم پاکستانی شہری ہیں، ہم ہر حالت میں پاکستان کے ہمدرد رہیں گے، یہ اپنی پارٹیوں سے ہمدردی کرتے ہیں ۔ ان کی پارٹیوں کی حقیقت کس کو پتا نہیں ہے ؟ کیا کوئی بھول سکتا ہے کہ فرانس میں جو بڑے بڑے محل ہیں وہ کس کے ہیں؟ کیا کوئی بھول سکتا ہے کہ اربوں روپے کی جو hundred per cent commission کھائی گئی ہر سودے میں، وہ کون بھولے گا؟ کیا یہ بھول سکتے ہیں کہ انہوں نے ریڈکو میں کیا کیا؟ میں ان کو کیا کیا یاد دلاؤں۔ یہ اس وقت کیوں نہیں بولتے تھے ؟ اس وقت بھی ان میں سے کچھ لوگ پارلیمنٹ کے ممبر تھے۔ آج یہ حکومت کا ایک issue بنانا چاہتے ہیں سپریم کورٹ کو جو کہ ہم نے نہیں بننے دینا۔ سپریم کورٹ ایک فاضل ادارہ ہے۔ اس کی ہم respect کرتے ہیں۔ انہوں نے طریقہ کار پر اعتراض کیا ہے۔ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ اس میں کرپشن ہوئی ہے ۔انہوں نے ایک معاملہ روک دیا ہے، دوبارہ سے اس کو privatize کرلیں گے جو ان کو پسند ہوگا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ کہیں کہ وزیر اعظم کرپٹ ہے، جا کر ان کے خلاف ایف آئی آر کٹائیں۔ یہ کس طرح جرأت کرتے ہیں؟ ان کے وزیر اعظم کے خلاف دس، دس ہزار دفعہ ایف آئی آر کٹنی چاہیے۔ جائیں پھر جا کر کٹوائیں، نواز شریف کی کٹوائیں، بےنظیر کی کٹوائیں، بھٹو کی کٹوائیں ۔ اب اگر میں ان کی بے قاعدگیوں کی، ان کے کمیشن کھانے کی لسٹ دینے لگوں تو شام ہو جائے گی۔ ہمارے دور میں کون سی کمیشن کھائی گئی ہے؟ اس دن ایک صاحب یہاں بولے کہ چوہدری صاحب نے اپنے قرضے معاف کروا لیے، اس قسم کے الزامات ہیں جبکہ وہ جواب دینے بیٹھ سکتے ہیں کہ میں نے reschedule کروائے ہیں۔ میں نے اس وقت بات نہیں کی ۔ اب اگر میں ہر بات پر کھڑی ہو جاؤں تو پھر ان کو جواب نہیں سوجھے گا۔ ان کو باتیں کرنے کے بعد جواب بھی سننے چاہئیں۔ بات وہ کرے جس کا اپنا دامن بالکل صاف ہو۔ ہم نے کچھ نہیں کیا۔ ایک سٹیل مل کی فروخت پر اگر فیصلہ آ گیا تو ہم اس کا احترام کرتے ہیں ان کو بھی کرنا چاہیے بجائے اس کے کہ جیسے پنجابی میں کہتے ہیں چھج میں ڈال کر، اس چھج میں سے کچھ نہیں ہونے والا، کچھ نہیں ہونے والا۔ ان کو اپنے دور کی باتیں یاد رکھنی چاہئیں ۔ یہاں پر کچھ نہیں ہو رہا۔ اس دور میں ہر

ملک اپنی عزت اور اپنی سرحدوں اور integrity کو بچا رہا ہے، ان کو اپنا ملک بچانے کے لیے ہمارا ساتھ دینا چاہیے ۔یہ چھوٹی چھوٹی باتیں کرتے ہیں - یہ سٹیل مل کیا ہے؟ ایک سفید ہاتھی، جس کا منافع کچھ نہیں تھا اس کو privatize کر رہے ہیں ہو سکتا ہے جس طرح سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اس کا طریقہ کار غلط ہے، میں مانتی ہوں، ہمیں اس بات کو ماننا چاہیے مگر یہ کہنا کہ وزیر اعظم شوکت عزیز کچھ کھا گئے ہیں، ان کو کھانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ وہ ہمارے ایک بہت بڑے لیڈر بن کر ابھرے ہیں اور جیسا کہ چوہدری صاحب نے اس دن کہا کہ یہاں سیاست کوئی گھٹی میں لے کر نہیں آیا، سیاست وہ ہے۔ جو معاملات اپنے ملک کی عزت کے لیے، ملک کو بچانے کے لیے، ملک کے لوگوں کو تحفظ دینے کے لیے، ملک کے لوگوں کو آگے بڑھاوا دینے کے لیے ہوتے ہیں اس کو سیاست کہتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ جی ہم سیاست کرتے ہیں۔ جھوٹ بولنا سیاست ہے، ان کے خیال میں جھوٹ بولنا سیاست ہے۔ یہ چار دن سے جھوٹ بول رہے ہیں۔ ان کی سیاست جھوٹ ہے، ہماری سیاست سچ ہے۔ میں سمجھتی ہوں سیاست وہ کرتا ہے جو عوام کی بات کر کے ان کی خدمت کرے۔ یہاں بیٹھ کر تقریر کر کے، اٹھ کے چلے جانا، بھاگ جانا، جواب نہ سننا سیاست نہیں ہے۔ بیٹھیں اور جواب بھی سنیں۔ اپنی ساری list نکال لیں، ان کے دور میں جب اچھی بھلی ملیں چلتی چلتی قومیائی گئیں اور اس کے بعد بربادی ہوئی، آج تک پاکستان دوبارہ ابھر نہیں سکا۔ کوریا اور جاپان والے سیکھتے تھے کہ پاکستان کا کپڑا دنیا بھر میں مشہور تھا، پاکستان کی چیزیں دنیا بھر میں مشہور تھیں، انہیں گورنمنٹ میں لا کر ہر چیز کا بیڑا غرق کر دیا۔ میں ان پر کیا کیا الزام لگاؤں، کیا کیا یاد کراؤں، مجھے تو پڑھنے کی بھی ضرورت نہیں ہے جو میں نے لکھا ہے۔ میرے ذہن میں ہے سب کچھ۔

جناب والا! یہ سب جھوٹ کی سیاست ہے۔ یہ اپنی پارٹیوں کی سیاست کرتے ہیں، انہوں نے کبھی اپنے ملک کا نہیں سوچا، یہی وجہ ہے کہ 59 years گزرنے کے بعد بھی ہم لوگ آگے نہیں بڑھ سکے، کیوں کہ یہ جھگڑے میں پڑے رہتے ہیں۔میں ان سے ہر دفعہ استدعا کرتی ہوں کہ خدا را پاکستانی بنیے جو پاکستان کی ہمدردی میں بات ہو رہی ہے --- کہتے ہیں جمہوریت کہاں ہے؟ کیسی جمہوریت؟ آپ کے دور میں کوئی بات کر سکتا تھا، مجھے ایک ایم این اے یاد آتے ہیں بے چارے انہوں نے اٹھ کر محفل میں Prime Minister کے سامنے بات کی اور وہ

آج تک بھگت رہے ہیں۔ مجھے کئی باتیں یاد ہیں۔ پوچھیں ان سے یہ اٹھ کر یہاں گالیاں دے کر چلے جاتے ہیں، ان کو کوئی پکڑتا ہے؟ کوئی جیل میں بند کرتا ہے؟ کس نے انڈیا کو دہشت گردوں کی list دی تھی؟ آج تک انہوں نے ہمارے کشمیر میں بربادی پھیر دی۔ یہ بتائیں اور اس بات کا جواب دیں۔ کیا یہ ملک کے ساتھ ہمدردی ہے؟ یورپی یونین جا کر یہ باتیں کرتے ہیں کہ پاکستان کو defaulter قرار دیا جائے، پاکستان دہشت گردوں کا ملک ہے۔ ہمارے جو so-called leaders باہر بیٹھے ہیں وہ اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ کیا یہ ہمیں بے وقوف سمجھتے ہیں؟ ہم ان سے اچھی طرح بات اس لیے کرتے ہیں کہ یہ ہماری طرح honourable members ہیں، اچھے ہیں۔ مگر ان میں پاکستانیت نہیں ہے۔ جب تک یہ اپنے خون میں یہ چیز پیدا نہیں کریں گے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ملک ہمیں دیا ہے، ہم نے اس کو سنبھال کے رکھنا ہے، defend کرنا ہے اور اپنی پارٹی سے بالا تر ہو کر، یہ سوچنا ہے کہ یہ ہمارا اپنا ملک ہے۔

جناب والا! ان سے پوچھیں کہ یہ ہردفعہ تاریخیں دیتے ہیں کہ 31 تاریخ کو حکومت لپیٹی جائے گی، فلانی تاریخ کو یہ ہو گا، 23 تاریخ کو یہ ہو گا، لے آئیے no confidence vote. ہم بھی بیٹھے ہیں، ہم بھی دیکھیں گے، کیا فرق پڑ جائے گا؟ صرف مطلب یہ ہے کہ آپ جائیں اور ہم آئیں۔ اب مل کر آ رہے ہیں۔ پہلے آپس میں 20 سال لڑتے رہے ہیں، وہ لڑائی کدھر چلی گئی؟ وہ چار سال کے مظاہرے جن میں بے نظیر کے خلاف میں بھی تھی۔ اس چیز کا مہتاب عباسی اور سعدیہ عباسی کو علم ہے وہ کہاں گئی؟ وہ Senators صاحب جو آگے بیٹھتے تھے وہ کہاں گئے ہیں؟ وہ کہاں گئے جب چار سال سڑکوں پر ہم بے نظیر کو گالی گلوچ، فلانی ڈھمکانی کہا کرتے تھے اور آج کہاں ہیں؟ آج آپس میں مل کر ہمارے خلاف یعنی مسلم لیگ کے خلاف ہو گئے جس نے پاکستان بنایا۔ پاکستان کو قائم رکھا اور انشاء اللہ تعالیٰ President صاحب پرویز مشرف کی سرکردگی میں پاکستان کو آخری دم تک بچائیں گے۔ ہر روز یہ کہتے ہیں وہ آدمی کسی سے نہیں ڈرتا، وہ کہتا ہے کہ ہماری طرف بری نظر کوئی ڈالے گا تو میں پھر دیکھوں گا۔ شوکت عزیز صاحب بھی یہی بات کہتے ہیں۔ یہ کس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔ ایک Steel Mills کا issue لے آئے اور روز بے چاروں کو ایک issue مل جاتا ہے۔ اپنے scandals نکالو، میں نکال دیتی ہوں۔ میں اس ہاؤس میں list لاؤں گی، ہم اس پر بحث کریں گے، اگلے دو مہینے

بڑے اچھے گزریں گے، ہاؤس بند ہی نہ کریں۔ ان کی باتوں اور حرکتوں پر ہم بات کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، میڈم ٹائم ہو گیا ہے۔

سینیٹر گلشن سعید ، ہاں اب تو آپ کو time یاد آ گیا ہے ۔ ادھر سے جب بات ہو رہی ہو تو جناب والا! آپ کو کبھی time یاد نہیں آتا۔ آپ بھی ان کے ساتھ مل جاتے ہیں۔ کیوں؟ پاکستان کی بات کر رہی ہوں تو آپ سنیں۔اس قوم کی کبھی حالت نہیں بدلے گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، نیک صاحب ان کو بولنے دیں۔ ہم پر کیا الزام لگیں گے؟ ہم پاکستان بننے سے پہلے والے مسلم لیگی ہیں، ہمارے اوپر کیا الزام لگیں گے؟

سینیٹر گلشن سعید ، میں .ان کو بولنے کی اجازت نہیں دوں گی۔ اب یہ آرام سے بیٹھیں گے۔ میں نے بھی چار دن سے صبر کے ساتھ ان کا ہر الزام، ہر گالی اور ان کی ہر بات سنی ہے۔ ان کو بھی سننا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، میں آپ کے صبر اور حوصلے کو سلام کرتا ہوں۔

سینیٹر گلشن سعید ، جناب چیئرمین! میں آپ کو ایک بات بتاؤں کہ میں لکھ کر یہ بات دینے کو تیار ہوں کہ یہ قوم نہیں بدل سکتی جب تک اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے لوگ اپنا attitude نہیں بدلیں گے۔ یہ پاکستان کو بڑھتا، پھلتا، پھولتا نہیں دیکھنا چاہتے۔ یہ صرف کیڑے نکال کر اپنے نمبر اونچے کرتے ہیں۔ کچھ نہیں ہوگا۔ جب ملک نہیں رہے گا تو پھر کہاں نمبر بڑھاؤ گے۔ میں ان سے یہ سوال کرتی ہوں۔ سب کا ساتھ دو، پارٹی والوں سے کہو کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ دیکھیں یہ ان کا جمہوری حق ہے کہ اگر یہ ووٹ زیادہ لیں تو آ کر حکومت کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ الیکشنوں تک صبر کریں، غلط باتیں نہ کریں، غلط الزام نہ لگائیں ورنہ آپ کی تو charge sheet بہت لمبی ہے۔ باہر کی حکومتیں جب ان کے خلاف فیصلے کرتی ہیں تو کہتے ہیں ہم نہیں مانتے۔ آج سپریم کورٹ نے سٹیل ملز کا فیصلہ دے دیا تو یہ اچھل رہے ہیں۔ وہی سپریم کورٹ اب ان کو پاگل نظر آرہی ہے۔ جب ان کے against کچھ آجائے گا تو پھر بیٹھ جائے گی۔ شکریہ مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ میڈم۔ ذرا آگے بڑھتے ہیں۔

سینیٹر گلشن سعید ، جب پاکستان مسلم لیگ، پاکستان پیپلز پارٹی کے خلاف مظاہرے کرتی تھی۔ میں پاکستان مسلم لیگ نواز میں نہیں تھی لیکن میرا بھائی تھا۔ سردار مہتاب ہمارے چیف منسٹر تھے۔ آج بھی ہم پاکستان مسلم لیگ نواز میں ہیں لیکن یہ کہاں کھڑے ہیں۔ اس چیز کا جواب یہ لوگ دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، ٹھیک ہے آپ بیٹھ جائیں۔ آپ کی پوزیشن clear ہوگئی کہ آپ اس وقت مسلم لیگ میں نہیں تھیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین ، Order in the House, I know اس وقت آپ سب کی energy low ہوگئی ہے۔ برداشت آخری limit تک پہنچ گئی ہے۔ ابھی ظہر کا وقفہ کرکے، نماز پڑھ کے آنا چاہیئے۔

سینیٹر کامل علی آغا، تین بجے تک کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، نہیں، تین بجے تک half the office he will be sleeping. Best is نماز پڑھ کر واپس آجاتے ہیں۔ جی کامل آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، میرا خیال ہے کہ اجلاس کو جاری رکھا جائے۔ کل بھی جاری رہا ہے۔ اس کو جاری رکھیں۔ آج چونکہ میں سمجھتا ہوں کہ ایک دو سپیکر رہ گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، پھر میں تو نہیں نکل سکتا۔

سینیٹر فاروق حامد نائک، یہ جا رہی ہیں، بٹوا لے کر جا رہی ہیں، ان کو روکیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں جا رہی ہیں۔ بیٹھیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین ، نہیں نہیں، کوئی ECL نہیں، great popular demand popularity. ان کی یہ ہے کہ آپ accept کر رہے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا ، جناب چیئرمین! میں گزارش کر رہا ہوں۔ ایک دو سپیکر صرف ان کی طرف سے رہ گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، ابھی ابھی سردار مہتاب صاحب کا نام پکارا گیا، نہیں آئے۔

سینیٹر کامل علی آغا: جو نام پکارا جا چکا ہے ان کو وقت دینا میں سمجھتا ہوں کہ یہ پارلیمانی روایت کے مطابق نہیں ہے۔ جو لوگ موجود ہیں اور بحث کرنا چاہتے ہیں۔ لسٹ میں انہوں نے نام دیا ہوا ہے اس کے بعد وہ نہیں آرہے اس کا مطلب ہے کہ وہ اس معاملے پر بحث کرنے میں reluctant ہیں۔ ان کے پاس کوئی جواز نہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپوزیشن کی رائے کو support نہیں کرتے۔ سیدھی سی بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اچھا ایسے کرتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: اب صفدر عباسی صاحب کا نام ہے، ہم ان کو باری دینے کے لئے تیار ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اچھا آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب! مہتاب صاحب کو بلائیں، کھوسہ صاحب کو بلائیں، عباسی صاحب کو بلائیں۔ جناب! یہ بولنا نہیں چاہ رہے۔ ان کے پاس ہے کچھ نہیں۔

سینیٹر محمد انور بیگ: بولنا چاہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اچھا ابھی بلواتے ہیں۔ انور بیگ صاحب! آپ چھوٹی باتوں کو بڑا لمبا کر دیتے ہیں، بیٹھیں۔ میرا خیال ہے کہ نماز کا پندرہ منٹ کا وقفہ کر کے then we will continue. نماز پڑھ لیتے ہیں۔ That is more important than everything. That is the "Faraz".

سینیٹر کامل علی آغا: جناب continue رکھیں۔

سینیٹر محمد انور بیگ: کل نماز کا وقفہ ہوا تھا۔

سینیٹر کامل علی آغا: کل ظہر کی نماز کا وقفہ نہیں ہوا تھا۔ تین بجے تک اجلاس چلا تھا۔ جب یہ بولنا نہیں چاہ رہے ہوتے تو اس وقت نماز ان کو یاد آجاتی ہے۔ جب یہ بولنا چاہ رہے

ہوتے ہیں اس وقت ان کو نماز کا وقفہ نہیں چاہیئے ہوتا۔ اگر یہ نماز پڑھتے ہیں تو کل انہوں نے نماز پڑھی تھی۔ اسی طریقے سے آج نماز پڑھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، چلیں جی continue کرتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا ، Continue کریں اور آج اسے wind up کرنا ہے۔ یہ جان بوجھ کر ایسا کر رہے ہیں ' ان کے پاس کوئی مواد حکومت کے خلاف نہیں ہے۔ یہ بہانے سے دن گزار رہے ہیں۔ ہاؤس کے پاس اور کام بھی ہے اس پر بھی توجہ دینی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، صرف پانچ سپیکر رہ گئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا ، جناب! تیسرا دن ہوگیا ہے کہ Question Hour نہیں ہو رہا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، آغا صاحب! ایوان چلاتے ہیں' آپ تشریف رکھیں۔

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Sir, I am very sorry for that the gentleman, the honourable Minister is trying to dictate the Chair. I request your honour that it should be after lunch.

یہ dictate کرنے کی کوشش کر رہے ہیں' dictation نہیں ہونی چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، شکریہ بلور صاحب۔ آپ تشریف رکھیں۔ سردار لطیف کھوسہ صاحب۔ سردار مہتاب صاحب آپ اس وقت موجود نہیں تھے جب آپ کا نام پکارا گیا تھا۔ ابھی ہم واپس آئیں گے۔ We will complete this list. سردار لطیف کھوسہ صاحب۔

Senator Sardar Muhammed Latif Khan Khosa: Mr. Chairman, on this eve of the 59th anniversary of Pakistan, we are discussing a very vital issue and as the Supreme Court has said, it concerns, "the mother of industries." Steel Mills of Pakistan has been described and defined by all and sundry including the treasury, the Government lawyers on behalf of the Government, lawyers on behalf of

the defence and the Supreme Court itself has declared this.

جناب ڈپٹی چیئرمین، بنگزئی صاحب! please تشریف رکھیے۔ آپ line of sight میں آ رہے ہیں۔

Senator Sardar Muhammed Latif Khan Khosa: Mr. Chairman! this Steel Mills has been described as the mother of industries. It has been so declared, not only by the Supreme Court of Pakistan but it was also conferred the title by the lawyers appearing on behalf of the Federation and by the lawyers appearing on behalf of the defence. So, it is an acclaimed fact that Steel Mills of Pakistan is the mother of industries in Pakistan. It is really shameful and what else would you call transparency and what else would you call reasonability? Would any reasonable prudent man on earth sell his own mother? Would any prudent human being sell his own mother? Sir, we are selling the mother of industries and the mother of industries which has been here allocated with the multi-dimensional projects. It is not a Steel Mills which only manufactures the arms and ammunitions. It has a multi-dimensional operational facet which has been described by the Supreme Court itself.

The Steel Mills of Pakistan itself gave the phases which are within its ambit and the Federation also accepted and conceded the multi-dimensional working of the Steel Mills of Pakistan. Is it not a shame that a nation which claims itself with pride, a Pakistani nation is being bereft of the mother of its industries.

*(Interruption)*

جناب ڈپٹی چیئرمین، الیاس صاحب! آپ honourable ladies کو جاتے ہوئے دیکھ رہے ہیں، آپ ہماری طرف دھیان دیں۔ آپ ذرا بات سنیں۔ ان کو چائے پینے دیں تاکہ وہ fresh up ہو جائیں۔

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Sir, the Minister for Parliamentary Affairs said that we will not like to confine this session or this discourse only to the Steel Mills but it has to be the entire privatisation policy of the Government of Pakistan. So, if we are to take that then sir, kindly see the very opening phrase of the Supreme Court's judgement says, "conscious of the mandate of Article 153 and 154 of the Constitution, we hold that the establishment and working of the Council of Common Interests, CCI is the corner stone of the federal structure providing for protection of the rights of the federating units. So, the CCI has been declared as the corner stone of the federating units which is there to protect the rights and properties of the federating units of Pakistan, which means that without the existance of the CCI and if we see the mandate of Article 153, read with the Article 154 then it has to be rooted every privatisation process through the CCI. The CCI comprises of all the Chief Ministers of the four provinces of Pakistan besides an equal representation of the Federal Government of Pakistan which means that every federating unit has to be a part of the decision making, of the policy making of any assets which are enumerated in the second schedule and also which relates to electricity and the concurrent list.

Then sir, if that is the criterion since 2002 when the Constitution came into force till the year 2006, there was no CCI which means that all the units which have been sold in the interregnum which includes the Karachi Electricity Supply Corporation, the Habib Bank, the Pak-Arab Fertilizers, the PTCL, and the Steel Mills. Then that means every sale which has been transacted by the Government, by the present regime, by the present Government of Pakistan headed by, of course I would say, General Musharraf and with three Prime Ministers coming in the meanwhile that means all sales are illegal and has been clamoured by the Opposition all through out and including the press. All those transactions, it was told of national assests of value, lucrative projects which were bearing profits. There were the projects which were sold and there were the projects which were doled off and there were the projects which affected the federating units, there were the projects which affected the life of the people of Pakistan.

Now, sir, the Supreme Court, therefore, said, it is the corner stone of the federating units and protective of the rights of the federating units of Pakistan. So, which means all those sales have been rendered a nugatory, have been rendered illegal are therefore, *ab initis* and therefore, it is a stricture on the Government of Pakistan that this judgement speaks that the CCI Constitution is a must. Here the Minister who has left the House, of course, said that well, it was in the offing and finally after four years there have come about with constitution of a CCI and that also sir, only when the Supreme Court mandated and gave a cut out time frame

that within this specified period you have to frame, you have to constitute the CCI.

Now sir, in the CCI, if you see, even if one of the federating units objects then that has to go to a joint session and it is the joint session of the Parliament which has to decide on the vires, on the feasibility and on the procedure of sale of a particular asset of national vital consequence. Here sir, if you see that we have at the NWFP here the Minister said the objection was that don't sell those projects which are profit bearing.

Sir, it is again, I am shocked really to find here that the Minister on the floor of the House makes a false statement that this is a sick unit. Sir, it is against the mandate of the Supreme Court and the Supreme Court was assisted not only by the eminent lawyers of consequence but all the Federal Government was there, the Privatisation Commission was there, private units were there and everybody presented all the documentary evidence before the Supreme Court of Pakistan and kindly see what has the Supreme Court said. They made a blatant statement. Sir, now theyare referring to the CCI decision of the year 1997, they say on the 29th of May, 1997, the CCI decided to sell off certain units which included the Steel Mills which at that time was going into losses. Fine, but that Government according to them stands condemned now but sir, the Steel Mills came up with version and in writing before the Supreme Court of Pakistan that that decision of the CCI had been abandoned, had been over ruled by the CCI itself then by the government in the year 1998. And

kindly see, I will refer that portion of the judgement and then it is also in the judgement itself that on 20th of May, 2000, when the Chief Executive approved the restructuring of the Steel Mills. And Mr. Wasim Sajjad the Leader of the House made a statement before the Supreme Court that yes, by virtue of these two things, and he was representing the Steel Mills of Pakistan, the Steel Mills of Pakistan gave it in writing that the privatization of Steel Mills had been abandoned, had been deserted, had been over ruled, had been rejected by the CCI and the then Government in the year 1998.

And then with the restructuring when it was confronted by the Supreme Court to the learned counsel Mr. Wasim Sajjad Leader of the House, who was representing the Pakistan Steel Mills Corporation of Pakistan that after this restructuring whether the decision to sell the Steel Mills of CCI in year 1997 would be still alive and he had to concede there that yes, sir by implication it stands over ruled. So, shocking me enough, here, now again they are referring to a document of 1997 decision of the CCI 1997 which was according to the Pakistan Steel Mills Corporation Chief Executive gave that statement before the Supreme Court that it had been over ruled in 1998. The Chief Executive , the now President then their beloved leader General Musharraf himself in the year 2000 directed there structuring of the Steel Mills and MOUs were signed with the Chinese and with the Russians. And sir, with their aid and assistance, it was not only put in back on the feet, it was made into lucrative plant which was now profit bearing. I would refer to that portion, I am shocked

that here the Minister has the audacity not only to challenge and go against the verdict Supreme Court, to tell a blatant lie before the Supreme Court, before this august House but to breach the privilege of this House, to mislead the people of Pakistan. Sir, is that the stature of a Minister to make a false statement before this House which means before the whole nation. And that also contrary to the verdict of the Supreme Court of Pakistan and that also contrary to the Pakistan Steel Mills Corporation itself and that also contrary to the Judgement and verdict of the Supreme Court of Pakistan.

Sir, the Judgement of the Supreme Court of Pakistan is binding on all courts and authorities in terms of Article 189 and every authority in Pakistan including the Chief Executive, the President, the Prime Minister and everybody has to work in aide of the Supreme Court of Pakistan. So, therefore, to say and to utter a word which is contrary to the verdict of the Supreme Court tantamounts to grossest contempt and grossest abuse of the orders of the Supreme Court. Here is a joke being played with the nation itself and therefore, I vehemently would say that he has breached the privilege of this House by making such a statement. Kindly sir, just refer to page 63 of the Judgement itself and you will see that the Supreme Court has itself given a very apt finding on this that as to how lucrative the plant has become when it was sought to be sold of. Therefore, say that it was a sick unit is not at all factually correct. Sir, I will read just one paragraph from page 63 and this says; A bare reading afore-referred advertisement would show that the Privatization Commission had invited

expression of interest from strategic investors for privatization of PSMC and the salient features of the public offering were mainly two. No. I Sale of 51% to 74 % equity shares (it was increased to 75% by way of corrigendum) of the PSMC. And No. 2. The sa carried with the transfer of management control to the strategic investors and here itself, the figures have been given also in respect of the profitability, and the profitability here says. In respect of the pofitabililty sir, the Supreme Court says, and this finding, it so categorical:-

"There was no break up of the land which was to be sold to the strategic investors along with PSMC. There was no undertaking that the liability of VSS (upto Rs. 15.00 billion) would be borne by the seller. There was no commitment that the loans (about Rs. 7.67 billion) would be cleared before the CML Sale Purchase Agreement is signed. These concessions, which had been offered after the acceptance of the bid were rather huge. The liability of VSS it was admitted before this Court by the counsel for Federation and counsel for the Steel Mills would amount to Rs. 15.00 billion. We had been doling it away. The loan liability which was to be cleared by the Government of Pakistan amounted to Rs. 7.67 billion and this was payable immediately even though the due date was June 2013, onward.

Similarly valuable core land part of which had not been transferred to the PSMC had to be transferred to it without which it was stipulated in the agreement that the agreement shall not be complete (Clause 4.2 of the agreement). The value of inventories it was admitted

before the Court was not less than 12.00 billion. Similarly the rel d of Rs. 1.00 billion excess which shall now be received by the bidder if he is allowed to operate after issuing the letter of acceptance in this manner minus the price of land the bidder shall be having benefit of Rs. 12.451 billion. Now these are the profits which we are giving to the seller. Rs. 8.517 (cash in hand as per statement of net assets dated for 31st March, 2006) + Rs. 1.00 billion (refund of Rs. 1.00 billion tax as per report 2006) = Rs. 21.968 billion. When Mr. Wasim Sajjad counsel was confronted with the afore-referred figures and asked what is the net benefit of the sale he replied that the cost of the land which is being unabandoned amounts to Rs. 70.00 billion and this according to him would be ultimate gain."

And for what are we giving? We are giving this for 348 million. Sir, the Government of Pakistan and the Privatization Commission has now spent 90 million rupees on the lawyers fees and expenses of litigation, 90 million rupees have been given to the lawyers. Now, in the lost battle and on the other hand, Watan Party Barrister Zafar Ullah was himself representing without spending a single penny. Saadia Abbasi has paid without receiving a single penny and so who was the Pakistan Peoples Party MNA Mujeeb-ur-Rehman Pirzada representing the labourer and these persons out of their own pocket had just appeared before the Supreme Court for saving the national assets of vital consequent for saving the interest of the people of Pakistan for saving Pakistan Steel Mills Corporation, which is the mother industry of all industries.

Sir, look at the spirit on the one side. The spirit of the people of Pakistan represented by Watan Party Zafarullah, by Saadia Abbasi, by MNA of the Peoples Party Mujeeb-ur-Rehman was, that there were spending out of their own pocket. And on the other side, the Government of Pakistan, the Privatization Commission they spent 90 million rupees on lawyers fees and other expenses of litigation over a battle, which has been lost. Who is going to account for this? This was not paid sir, out of their own pocket?. This was paid out of the exchequer. This was paid out of the public revenue. This was paid from the poor people's taxes.

**Mr. Deputy Chairman:** Sardar Khosa Sahib, now start concluding and I am looking at the time.

**Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa:** Sir, kindly see these realities, these hard facts should be borne by the other side also and you should also hear them with passion sir. It is the property of the people of Pakistan which is being doled of. And they say well, it is a mere irregularity. What a simple excercise and how simplified the matter is on the other side. Well, it is a mere irregularity. Sir, when you are talking of selling of vital asset of Pakistan which is the wealth of the people of Pakistan, which belongs to entire people of Pakistan and then the Supreme Court has also taken surprise that this is a vital strategic interest, what is the guarantee that you are giving to the persons how are not amongst whom are foreigners? What is the guarantee of his continuity because there was only for a three years poriod? What is

going to happen if they go against the interest of the Pakistan? Sir, there is nothing in that agreement. And the Supreme Court has shockingly observed that there is no guarantee at all that what would happen if the vital interest of Pakistan is squeezed which means that the Pakistani armed forces and the armoury which is flowing to the armed forces itself and other strategic interests if they are frozen by the foreigners, who are now stepping into that shoes of the Steel Mills of Pakistan with management control. What would happen thereafter? There is nothing in the agreement, the Supreme Court said, how has this been done? Sir, it is not just a mere irregularity which has been pointed out. In fact the Supreme Court has used very strong words and in Parliamentary parlance, if we say such words are only used where you say that this has been doled off and there is an element of hidden corruption. There is an element of doling away this national vital asset against the national interest and you say that this is as simplified that where it has been sent back again and it has been remanded. Has it been remanded? Not at all sir, not at all. And what has the Frontier Government said in the CCI, recently held, they wanted to again shadow it off but the Provincial Government said that no. A lucrative project which is profit bearing and here since year 2002 when their own Chief Executive has revitalized it, when they had signed the Memorandums of Understanding with the Chinese and with the Russian and put in all efforts into it. It was sir, profit bearing since year 2002-03, 2003-04, 2004, 2005 and lately also and, they had paid off their debts also. It is shocking that still the Minister

has the audacity to say that it is not a profit bearing project. OK., forget about profit bearing. The question is when it concerns a vital strategic industry, there is no question of profitability either because a country is not run on the basis of profiteering. The country is run on the basis of protection of the people of the Pakistan, of the territorial sovereignty of Pakistan and so many other factors are also accumulated there. We are prepared to lay down our lives for the motherland, for the protection of this motherland, for the upgradation of this motherland and every Pakistani would shred his last blood, if he has to protect this country. So, there is no question that you can dole away a national strategic assests like the Steel Mills of Pakistan ...

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you Mr. Khosa Sahib.

**Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa:** Just because it is not bearing profit. Otherwise a false statement made on the floor on the House and it is contradictory to the Supreme Court of Pakistan.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you Khosa Sahib.

**Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa:** Sir, I would wind up by submitting that let us be Pakistani. They claim that they are Pakistani. Let us be Pakistani in the real sense. Let us see that what is happening with the KESC? Sir, Karachi is today suffering and everyday you see a load shedding of such a colossal extent that people are burning over there, people are dying over there, people are craving because they

do not have electricity. What has happened to the KESC by privatizing that? What have been done with the Habib Bank of Pakistan. Sir, we have doled it away, even one building in Karachi, the central building of the Habib Bank of Pakistan is worth more than what it has been sold of. What has been done with the Pak-Arab Refinery of Pakistan? Sir, what has been done with the PTCL? Not oblivious of all these facts, is it not a fact that it is a concern for the people of Pakistan, sir it is a concern for you and it is concern for me. They belong to my children's and children to your children and children's children. It belongs to the people of Pakistan, it belongs to the entire progeny. There is no question that we should not be concerned and the entire nation should not be concerned. Therefore, without the CCI, for four long years, and then again selling them of at paltry prices sir, even the financial advisor who had given that price which was assessed by them according to international standard, even that was slashed down and sliced down and still they say that NAB has no concern with it. Not that we say that NAB is an institution of any national importance? NAB is a persecutory institution which they have created only for the Opposition. Why does not NAB come in? NAB is a law for the entire country and sir, omission and commission and all the words and phraseologies is used herein to condemn and reject the Steel Mills...

**Mr. Deputy Chairman:** Senator Khosa Sahib, please conclude it, finalize it because other members are also....

Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa: Sir, just one thing. Sir, all the findings herein, accumulative effect of the entire finding is that there is the charge sheet against the present regime, the present Government of Pakistan. It is also reflective of the fact that all the previous projects which have been sold off, have been doled away. Sir, in fact resources of this country are being misappropriated. Corruption does not necessarily mean the open exhibition of money being taken and given. This is the corruption blatant where a hidden hand has taken away and devoured the resources of the country, they devoured the strategic assets of the people of Pakistan and sir, it is here that we are saying that Government must resign. There is the charge sheet which the Supreme Court has framed against the Government of Pakistan and therefore, the Government of Pakistan is answerable to the people of Pakistan and here if there is any institution which should register an FIR and which should proceed against them, I think they should all be behind the bars and they must pay off all other debts which have been taken away, I think Pakistan would be a better country. 376 billion is nothing, we can retrieve that debt only if we were to take back the assets. Thank you.

*(Desk Thumping)*

Mr. Deputy Chairman: Thank you Khosa Sahib. Madam Fauzia Fakhar-uz-Zaman.

سینیٹر فوزیہ فخر الزمان خان، چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ بڑے شعلہ بیان lawyers ادھر سے بولتے رہے لیکن مجھے بولتے ہوئے بالکل کسی بات کا خوف نہیں ہے کیونکہ

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

پاکستانیوں میں اور کوئی quality ہو یا نہ ہو مگر یہ hero کو zero بنانا جانتے ہیں۔ اگر قائد اعظم، ایک سال بعد فوت نہ ہوتے تو اس وقت وہ بھی zero ہو جاتے۔ کون سا ایسا لیڈر ہے جس کا نام لے کر ہم نے کبھی تعریف کی ہو؛ ہم نے کسی کو جلوس میں گولی ماری، کسی کا جہاز گرایا، کسی کو پھانسی چڑھا دیا، کسی کو house arrest کر دیا، کچھ ملک سے بھاگے ہوئے ہیں اور کچھ کو بھگانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ باہر کے ملکوں کو دیکھیے، سینکڑوں سال پرانے ابراہام لنکن، جارج واشنگٹن ان لوگوں کے بچوں کے دلوں پر کندہ ہیں۔ Hero ابھی تک hero ہیں، ان کو کسی نے zero نہیں کیا۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم کسی کو بھی عزت کے قابل نہیں سمجھتے اور اب ادھر سے جو لوگ اتنی شعلہ بیانیاں کر رہے ہیں ان کے trump cards دو، دو دفعہ table پر آ چکے ہیں اور وہ ناکام ہو چکے ہیں۔ اب وہ کس بل بوتے پر اتنا زور لگا رہے ہیں ان کے ہاتھ تو خالی ہیں اور ابھی تک وہ اپنے اوپر لگے الزامات سے بری نہیں ہو پائے، باہر بھاگے ہوئے ہیں، آئیں اور face کریں، ہم بھی face کرلیں گے، ایسی کیا بات ہے؟ ٹھیک ہے کہ Steel Mills غلط فیصلہ تھا، اچھا ہوا کہ رک گیا۔ چلیں کم از کم ہمارے ہاں عدالتوں کو برتری تو حاصل ہے، اس سے پہلے تو بہت برے حالات تھے، attacks اور کیا کیا ہوتا تھا۔ اب ایک awareness آ گئی کہ لوگ بروقت بولنا شروع ہو گئے کہ جی یہ چیز لٹ رہی ہے۔ اس سے پہلے تو کوئی بولتا ہی نہیں تھا۔ اس سے پہلے کافی کچھ لٹتا رہا ہے۔ چلیں شکر الحمدللہ ابھی دیر نہیں ہوئی اور نواز شریف صاحب کے ساتھ NWFP میں میرا بیٹا منسٹر تھا، مہتاب صاحب یہاں ہیں، یہ جانتے ہیں، انہوں نے ہی Health Minister بنایا تھا۔ انہوں نے بہت عنایت سے ہمارے ہاں Grid Station منظور کیا تھا، ہمارے علاقے میں نہ بجلی، پانی اور نہ ہی سڑکیں تھیں، ہم تو زلزلے سے پہلے ہی زلزلہ زدہ تھے، جب وہ grid station مانگتا تھا تو کہتے تھے کہ حکومت تو غریب ہے، جب وہ چلے گئے، پرویز مشرف آئے۔ آپ ان کی وردی کو برا کہیں، گالیاں دیں، جو مرضی کریں، میں نے ان کے پاس جا کر ایک دفعہ یہ کہا کہ ہمیں یہ تکلیف ہے، انہوں نے اسی وقت order کیا۔ آفتاب شیرپاؤ صاحب گئے، انہوں نے اعلان کیا اور جب کہ زلزلے میں ہر چیز تباہ ہو گئی، اللہ

جانے کس نیت سے دیا تھا کہ وہ grid station کام کر رہا ہے اور چونکہ بجلی آ گئی ہے، اس سے کچھ پانی بھی lift ہو رہا ہے۔ میرا علاقہ جو کسی زمانے میں اس حکومت کے خلاف تھا کیونکہ ان کے بہت سے بچے افغانستان میں طالبان کے ساتھ شہید ہوئے تھے، وہ سب ہاتھ اٹھائے اس حکومت کے لیے دعائیں مانگ رہے ہیں کہ بجلی تو ماشاء اللہ ہے ہی، لیکن سڑکیں بنانا، پانی پہنچانا اور گھروں کو ٹھیک کرنے کے جو کام انہوں زلزلے کے بعد شروع کیے ہیں، وہ سہمے ہوئے ہیں کہ یہ کام کہیں بیچ میں نہ رک جائیں۔ ان کے پرانے لیڈروں کو تو ہم اچھی طرح سے جانتے ہیں۔ وہ اتنے قابل لوگ ہیں کہ جو وہ بولتے ہیں، میں بڑی impress ہوتی ہوں۔ پروفیسر صاحب، رضا ربانی ہیں، یہ سب کے سب بہت اچھے لوگ ہیں۔ یہ اپنے میں سے کیوں نہیں کوئی نوجوان قیادت لے آتے۔ کیونکہ جب آپکی بے نظیر آتی ہے 20% تو 80% زرداری آتے ہیں اور ہمیں بالکل قبول نہیں ہے اور جب آتے ہیں نواز شریف----

(مداخلت)

سینیٹر فوزیہ فخر الزمان خان، جی آپ قبول ہیں ۔ جب نواز شریف صاحب آتے تھے تو ان کے ساتھ والد صاحب آتے تھے جو اب نہیں رہے، تو نواز شریف کیسے حکومت چلائیں گے، مجھے تو سمجھ ہی نہیں آتی ہے۔ تو وہ سب اپنے آپ میں سے نوجوان قیادت کو سامنے لائیں، جو کہ قابل بھی ہو، بے لوث بھی ہو، وطن سے محبت بھی رکھتی ہو اور اس قابل بھی ہو کہ اس ملک کو آگے چلا سکے، ابھی تو ڈانواں ڈول ہی ہے۔ اب اور وقت آپ کے پاس نہیں ہے، میں بس کرتی ہوں، زیادہ لمبا نہیں کہتی، شکریہ بہت بہت خدا حافظ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، مختصر بات کی، لیکن بہت کچھ کہہ گئیں ۔ میڈم سبینہ رؤف صاحبہ۔

سینیٹر سبینہ رؤف ،جناب چیئرمین! شکریہ کہ آپ نے مجھے ایک اہم قومی issue پر اظہار خیال کرنے کا موقع دیا ہے ۔ جناب چیئرمین! سٹیل ملز کی نجکاری کے معاملے پر سپریم کورٹ آف پاکستان نے تاریخی فیصلہ دے کر اس معزز ادارے کا وقار دنیا بھر میں بلند کیا ہے۔ جس کے لیے یقیناً چیف جسٹس آف پاکستان اور Bench کے تمام Justice صاحبان

مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جناب چیئرمین! عدالت عالیہ کے فیصلے کے بعد ایک نہ رکنے والی بیان بازیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ سرکاری بینچوں سے لے کر حکومتی ایوانوں تک ہر شخص غفلت بے ضابطگیوں کے مرتکب افراد کا دفاع کر رہا ہے۔ میں انتہائی معذرت کے ساتھ کہنا چاہتی ہوں کہ اگر ایسی بے ضابطگی یا غفلت کا مظاہرہ ہمارے پڑوسی ملک میں ہوتا تو ان کی پوری حکومت مستعفی ہو جاتی۔ یہاں تو بات ہی الٹ ہے۔ پوری کی پوری حکومتی مشینری اپنی تمام قوتوں کو ان کے دفاع پر خرچ کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین! یہی نجکاری کا کمیشن یہ کہتا تھا کہ منافع بخش اداروں کو فروخت نہیں کیا جائے گا۔ لیکن حبیب بینک جس کا پہلے منافع گیارہ سو ملین روپے تھا' صرف ۲۰۰۲ء میں اس کا خالص منافع پانچ گنا زیادہ انسٹھ سو ملین ہو گیا۔ اسے اونے پونے داموں میں فروخت کیا گیا۔ PTCL جس کا ۲۰۰۴ء میں منافع انتیس ارب روپے تھا' اس کو فروخت کیا گیا' لیکن اس کے برعکس First Women Bank خسارے سے منافع میں گیا تو اسے فروخت نہیں کیا گیا۔ جناب سٹیل مز کی نجکاری کے عمل کو جس برق رفتاری سے مکمل کیا گیا ہے ' اسی وقت شکوک و شبہات پیدا ہو گئے تھے۔ کابینہ کمیٹی نجکاری نے shares کی قیمت ہی کم مقرر کی۔ جناب چیئرمین! آخر وہ کون سے عوامل ہیں کہ اہم ترین ملکی اثاثے کوکوڑیوں میں فروخت کرنے کی کوشش کی گئی۔ حکومت کی جانب سے یہ کہا جا رہا ہے کہ اس سارے عمل میں کرپشن نہیں ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! جس کمپنی نے سب سے زیادہ بولی دی ہے ' اس کا نام منظوری کے لیے کابینہ کی نجکاری کمیٹی میں گیا ہی نہیں ہے۔ جس شخص نے بولی دی ہی نہیں ہے' اسے دی جا رہی تھی۔ یہ فراڈ نہیں تو اور کیا ہے۔ حکومت کی نظر میں کرپشن کی تعریف کیا ہے ؟ جناب چیئرمین سٹیل مز کی نجکاری میں rules کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ اگر ایک عام شخص سے یہ غلطی ہوتی تو قابل معافی بھی تھی۔ لیکن کیا جناب وزیر اعظم صاحب کو بھی اس کا علم نہیں تھا۔ وزیر اعظم صاحب کے بارے میں تو یہ مشہور ہے ' وہ بینکنگ کے آدمی ہیں' عالمی مالیاتی اداروں میں اچھی پوسٹوں پر کام کر چکے ہیں۔ پھر ان کی نظر سے وہ غلطیاں کس طرح پوشیدہ رہی ہیں؟ یہ ایک سوالیہ نشان کی طرح تاریخ میں رقم ہو چکا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ قومی ادارے متاع حیات ہیں' خدارا ان کو اونے پونے داموں فروخت نہ کرنے دیں۔ یہ اثاثے ہمارے پاس آنے

والی نسلوں کی امانت ہیں ۔ انہیں منافع بخش بنا کر قوم کا مستقبل محفوظ بنانا ہے ۔ گھر کے برتن فروخت کر کے خزانہ بھرنا کوئی عقلمندی کی دلیل نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ، چلیں وہ کہتے ہیں this was a full maiden speech on the floor of the House. That is good اسی طرح بسم اللہ ہو ۔ سردار مہتاب عباسی صاحب please take the floor.

Senator Saadia Abbasi: I must appreciate sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین، آپ کے کہنے سے پہلے میں نے کہہ دیا ہے۔ آپ خاتون ' خاتون کو برداشت کریں نہ کریں میں نے پہلے appreciate کیا ہے۔ جی۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آج ساری پاکستانی قوم سپریم کورٹ آف پاکستان کی اس بات میں شکرگزار ہے کہ اس نے پاکستانی قوم کو ایک daylight robbery سے بچا لیا۔ اور دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ پاکستانی قوم کو جو daylight robbery تھی یہ ان کے اپنے حکمرانوں کے ہاتھوں تھی۔ بدقسمتی سے پاکستان کو پچھلے پچاس سالوں میں جب سے یہاں پر غیرجمہوری قوتوں نے اور ملٹری ڈکٹیٹرز نے اس ملک پر قبضے کیے تو ہر بار پاکستانی قوم کو کسی بڑے نقصان سے دوچار کیا گیا۔

جنرل ایوب خان کا زمانہ اگر دیکھیں تو اس میں پاکستان کو Indus Basin Treaty کے تحت اس کے تین دریاؤں سے محروم کیا گیا۔ جنرل یحیٰی کے زمانے کو دیکھیں تو پاکستان کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کیا گیا۔ جنرل ضیاء الحق کا زمانہ دیکھیں تو اس نے پاکستان کو ایک ایسے ملک میں تبدیل کردیا کہ جس کی معاشی اور معاشرتی زندگی یکسر تبدیل ہوگئی اور یہاں پر منافقت کو ایک state patronage دی گئی۔ پھر جب ہم جنرل مشرف کے دور کو دیکھتے ہیں تو بدقسمتی سے یہ بھی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دور ہے' گھناؤنا دور ہے کہ جب اس ملک کی sovereignty کو صرف اپنے اقتدار کو جاری کرنے کے لئے امریکی مفادات کے آگے بیچ دیا گیا۔ لیکن اب یہ بات اس سے بھی کہیں آگے جاتی جا رہی ہے کہ اسی حکومت کے اندر پاکستان کے strategic assets کو جہاں ایک طرف کوڑیوں کے مول بیچا گیا اور بیچا جا رہا ہے'

وہاں ان کا کوئی والی وارث بھی آئندہ نہیں رہنے دیا جائے گا۔

جناب والا! اس ایوان کے ذریعے میں پاکستانی قوم کے ان نمائندوں کو جو اپنی اخلاقی اور قومی ذمہ داری کے ساتھ اس کے کیس کو سپریم کورٹ کے نوٹس میں لائے۔ ان میں بیرسٹر ظفراللہ خان ہوں یا محترمہ سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ ہوں یا پیرزادہ مجیب الرحمان صاحب اور ان کے ساتھی ہوں یقینی طور پر ساری قوم ان کی شکرگزار ہے۔ ابھی سردار عبداللطیف کھوسہ صاحب نے ذکر کیا کہ دوسری طرف وہ لوگ تھے کہ جنہوں نے اس قوم کو فروخت کرنے کے معاہدے کو defend کرنے کے لئے بھی 90 million روپے اس قوم کی جیب سے نکالے ہیں۔ میں ان سے امید تو نہیں کرتا کیونکہ وہ [XXX] لوگ ہیں جنہوں نے اس قوم کے strategic assets کی فروخت کو defend کرنے کے لئے بھی نو کروڑ روپے لیے۔ بہرحال یہ وقت آئے گا انشاء اللہ اس ملک کے عوام ان کے پیٹ سے ان پیسوں کو نکالیں گے۔

جناب والا! سپریم کورٹ نے جو تاریخی فیصلہ کیا اس میں Pakistan Steel Mills جو بلاشبہ پاکستان کی انڈسٹری کی backbone ہے اور جس پس منظر میں اس کو لگایا گیا-----

سینیٹر احمد علی، جناب چیئرمین! یہ جو [XXX] کا لفظ ہے اس کو حذف کیا جائے۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، کوئی بات نہیں' اس سے بھی زیادہ سخت لفظ آپ کے لئے استعمال ہونے چاہیئیں۔ اس حکومت کے لئے کیونکہ یہ اس بات کی مستحق ہے۔ اچھا جی 'آپ (XXXX) نہیں ہوں گے اس سے بھی کچھ اور ہوں گے۔

سینیٹر احمد علی، جناب چیئرمین! لفظ [XXX] expunge کر دیں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، اچھا' آپ [XXX] نہیں ہوں گے اس سے بھی زیادہ کچھ اور ہوں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں' کچھ اور نہ کہیں' نرم کر دیں۔ (XXXX) سے تھوڑا نرم کر دیں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، سچی بات یہ ہے کہ میں نے بہت نرم لفظ استعمال

---

[XXX] الفاظ بحکم جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب حذف کئے گئے۔

کیا ہے۔ اس سے بہت سخت لفظ استعمال کرنا چاہیے جو میں نے نہیں کیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، اس کو expunge کرتے ہیں، کوئی دوسرا لفظ استعمال کریں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، اچھا جناب! اس کو اس طرح استعمال کرتے ہیں۔ They are very thick skinned people. یہ کہہ دیتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب! بابر اعوان صاحب کی تقریر میں محترم ایس ایم ظفر صاحب کے متعلق کچھ words استعمال کئے گئے تھے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ چونکہ وہ موجود نہیں تھے ایوان کے اندر اور ان کے متعلق کہے گئے ہیں، ان کو بھی expunge کر دیا جائے۔ بڑی مہربانی۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب چیئرمین! میرے بارے میں بھی جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں انہیں بھی expunge کر دیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی ضرور کر دیتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب! میں ایک وضاحت بھی کرنا چاہتا ہوں کہ یہ impression درست نہیں ہے کہ میں نے ایس ایم ظفر صاحب کے بارے میں کچھ کہا ہے۔ میں نے بالکل نہیں کہا ہے۔ آپ ریکارڈ ملاحظہ کیجیے گا۔ میں نے جو کہا ان کی تقریر کے بارے میں کہا۔ اس کے بعد جو میں نے قائد ایوان کے بارے میں کہا، میں نے ان کی ذات کے بارے میں کوئی لفظ نہیں کہا۔ میں نے صرف ان کی تقریر کے بارے میں comment کیا ہے۔ اس کے باوجود بھی ایس ایم ظفر صاحب کو کوئی رنج ہو---------

جناب ڈپٹی چیئرمین، نہیں، نہیں۔ ذاتیات پر بات نہیں کریں گے۔ ایسے تمام ذاتی الفاظ expunge کئے جاتے ہیں - Let us come to the debate and issue and logic and reason.

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ پاکستانی معیشت کو اور اس کی انڈسٹریز کو پاکستان سٹیل ملز لگنے کے بعد ایک نیا dimension ملا تھا۔ ۱۹۷۰ء کے

بعد اس سارے عرصے میں پاکستان کی economic growth میں، اس کی industrial growth میں Pakistan Steel Mills had a very important and major role.

بدقسمتی سے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ایک ایسا ادارہ ضرور بن گیا جو non productive ہوگیا۔ لیکن جناب والا! اس کے non productive ہونے سے اس کی پاکستان کے لئے اہمیت ختم نہیں ہوئی تھی۔ یہاں پر سپریم کورٹ کے فیصلے میں اس بات کا ذکر ہے اور یہ ریکارڈ پر ہے کہ یہ پاکستان کا واحد composed and integrated industrial unit ہے جو سب سے بڑی سٹیل انڈسٹریز ہے، اس کو support کرتی ہے۔ اس کو backbone بھی کہا جا سکتا ہے۔ یہاں پر تقریروں کے دوران مختلف فاضل ممبران نے بھی ذکر کیا ہے۔ میں اپنی طرف سے Leader of the Opposition اور تمام دیگر اپنے colleagues کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنھوں نے بڑی عرق ریزی سے سپریم کورٹ کے decision کو اس قوم کے سامنے اس ایوان میں analyse کیا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے میں اور یہاں پر بھی ۱۹۹۷ء کی Council of Common Interests کے بارے میں ذکر ہوا۔ جناب چیئرمین! میں کچھ وضاحت بھی کرنا چاہوں گا کہ غالباً ۲۹ مارچ ۱۹۹۷ء کو CCI کا اجلاس ہوا۔ میں خود بھی اس میں شامل تھا۔ میں اس وقت صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے ممبر تھا۔ آپ اچھی طرح جانتے ہیں اور ساری قوم بھی جانتی ہے کہ ۱۹۹۷ء میں اور اس سے قبل امریکی economic sanctions کی وجہ سے پاکستان اپنی معاشی اور اقتصادی تباہ حالی کی طرف جا رہا تھا۔ مشکل دور تھا۔ اس وقت ساری قوم ایک چیلنج کا شکار تھی۔ پاکستان ایک مقروض ملک کے طور پر تھا۔ ہمارے تمام جو آج کے آقا ہیں وہ اس وقت پاکستان سے خفا تھے کیونکہ اس وقت جمہوری حکومتیں محترمہ بے نظیر بھٹو اور محترم نواز شریف صاحب کی حکومتیں 1990 سے لے کر 1997 تک یہ اس دور کا ذکر ہے۔ پاکستان میں ان جمہوری حکوتوں کے خلاف سازشیں بھی جاری تھیں۔ یہ بھی ساری قوم جانتی ہے تو اس پس منظر میں پاکستان کو اپنے debts کو reschedule کروانے میں اور نئے قرضے حاصل کرنے میں کافی مشکلات کا سامنا تھا۔ اس وقت کی سیاسی حکومت نے جناب نواز شریف کے وقت میں اس بات کا فیصلہ کیا کہ نجکاری کی جو پالیسی اس سے قبل جاری تھی، اس کو جاری رکھا جائے گا لیکن ایک شرط کے ساتھ، وہ شرط یہ ہے کہ زیادہ تر جو بڑے units ہیں جن میں industrial units بھی ہیں اور مختلف banks بھی ہیں۔ یہ انتہائی خسارے میں ہیں اور

ان کو خسارے کی حالت میں بیچنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے اپنے national assets کو کوڑیوں کے دام بیچا ہے تو اس وقت یہ فیصلہ ہوا کہ نجکاری کے عمل کو جاری رکھا جائے گا اس کے ساتھ ایک شرط بھی تھی کہ نجکاری کی جو receipts ہوں گی وہ debt retirement کے کام میں لائی جائیں گی۔ اس بات کو سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں تسلیم کیا ہے۔ جناب والا! ان معروضی حالات میں وہ فیصلے ہوئے۔ پاکستان کی معاشی صورت حال کو بچانے کے لیے، اس کو محفوظ رکھنے کے لیے، اس کو رواں دواں رکھنے کے لیے Council of Common Interests میں نجکاری کی پالیسی کو جاری رکھنے کا فیصلہ ہوا اور اس بات کے ساتھ کہ قومی اداروں کو اس حالت میں بیچا جائے گا کہ یہ نفع بخش بھی ہوں اور جو نفع بخش نہ ہونے کے قابل ہوں ان کو پہلے retire کیا جائے اور ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ تمام جو receipts sales proceeds کے ساتھ ہوں گی ان کو debt retirement کے کام میں لایا جائے گا۔ So, this was a basic decision on condition.

جناب والا! میں یہاں پر ایک اور بات کی clarification کرتا ہوں۔ میں ممنون ہوں محترم سردار لطیف خان کھوسہ صاحب کا کہ انہوں نے یہاں پر اس بات کا ذکر کیا کہ پاکستان سٹیل ملز کی نجکاری کا جو فیصلہ ہے اس کو 1998 میں ہی اس وقت کی حکومت نے محترم نواز شریف صاحب کی قیادت مؤخر کر دیا میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ پاکستان سٹیل ملز کو restructure کیا جائے گا۔ اس کو reforms programme میں لے جائیں گے، restructuring میں لے جائیں گے۔ پاکستان سٹیل ملز کے نمائندوں نے سپریم کورٹ کے سامنے بھی اس بات کو تسلیم کیا کہ پاکستان سٹیل ملز کو بیچنے کی بجائے 1998 میں restructuring کا فیصلہ ہوا تھا۔ جناب والا! جو فیصلہ 1998 میں ہوا تو پاکستان سٹیل ملز پھر پچھلے چند سالوں میں ایک profitable industrial unit میں تبدیل ہوگیا۔ یہ سٹیل مل جو خسارے میں جا رہی تھی 2002 سے لے کر 2005 تک اس نے منافع کمایا۔ یہ بات بھی ریکارڈ پر ہے کہ پاکستان سٹیل ملز نے 2004 میں چار ارب روپے کا profit لیا اور 2005 میں چھ بلین کا profit لیا۔ So, in two years time the Steel Mills earned 10 billion rupees as profit. یہ after tax profit ہے جو دس ارب روپے ہے in two years time. تو اس سے یہ ثابت ہوا کہ Steel Mills was on

right track. It was a profitable concern. It was a strategic concern which was to play an important and leading role in the economic and industrial growth of Pakistan. اور جناب سب سے بڑھ کر جو اس کو بیچنے کا فیصلہ ہوا اور جس انداز میں کیا گیا، یہ بدقسمتی سے ہمارا خیال تھا کہ اس issue کو non-party basis پر discuss کیا جائے گا۔ یہ ہمارے national assets ہیں۔ یہ اس قوم کا خزانہ ہے۔ یہ اس قوم کی آنے والی نسلوں کی protection and security ہے۔ ہمارا خیال تھا کہ اس پر بحث حکومت اور Opposition کے لحاظ سے نہیں کی جائے گی بلکہ اس کو قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے بحث کی جائے گی لیکن مجھے افسوس ہے کہ اس موجودہ حکومت کے حکمرانوں اور Prime Minister کی team صرف شامل نہیں ہے۔ میں یہ بات record پر لانا چاہتا ہوں کہ اس میں موجودہ حکومت کے سرپرست اعلیٰ جنرل پرویز مشرف اور اس کی team برابر اس جرم میں شریک ہے۔ Pakistan Steel Mills کو اونے پونے داموں بیچنے کا جو فیصلہ ہے اس میں جنرل پرویز مشرف اور اس کی team کسی طرح نہیں بچ سکتی۔ جس انداز میں اس Steel Mills کو بیچنے کی جلد بازی کی گئی اس کو سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں اس کا ذکر بڑی تفصیل سے کیا۔ یہ بڑی افسوسناک بات ہے کہ بجائے حکومت کا سربراہ اس قوم کے سامنے معافی مانگتا اور مستعفی ہوتا اور کہتا کہ ہم نے غلط کیا اور سپریم کورٹ نے اس قوم کی بڑی asset کو بچا لیا اور وہ خود اپنا استعفیٰ دیتا لیکن افسوس ناک بات یہ ہے کہ استعفیٰ دینے کی بجائے اس کی تعریفوں کے گن گائے جاتے ہیں۔

میں سپریم کورٹ کے فیصلے کی ایک اور بات کا ذکر کروں گا کہ انہوں نے فیصلے میں صاف کہا کہ Pakistan Steel Mills کو بیچنے کے عوض جو قیمت وصول کی گئی ہے وہ دنیا کے evaluation کے references پر کسی طرح سے بھی پورا نہیں اترتی۔ اس کے جو اپنے stock in trade ہیں اور debt کو واپس کرنے کی جو حکومت کی commitment تھی اسے پورا نہیں کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ industries اور تمام power generation units جس کے اندر اپنا ایک system ہے جسے لگانے میں اس وقت اڑھائی بلین ڈالر لگے۔ اگر اس کو scrape کی صورت میں تول کر بیچا جاتا تو اس سے زیادہ قیمت وصول ہوتی۔

جناب والا! سپریم کورٹ کے فیصلے میں National Bank کے ایک reference کا ذکر ہوا اور بڑی تفصیل سے اس کا ذکر کیا گیا کہ National Bank کو ----- میں اس بات کو بھی record پر لانا چاہتا ہوں کہ 1997 میں ہماری حکومت کی Cabinet کے سامنے National Bank کے مسئلے کو پیش کیا گیا کہ اس کو off load کیا جائے، اس کو privatize کیا جائے تو جناب والا! میں نے اس وقت اس کی مخالفت کی کہ National Bank پاکستانی قوم کا بنک ہے۔ یہ اس ملک کے ایک ایک بچے کا بنک ہے، یہ قوم کا بنک ہے۔ اس کو ایسے privatize نہ کیا جائے بلکہ اس کے stocks کو stock market میں shares کو بیچا جائے اور اس کے نتیجے میں National Bank نے اپنے stocks کو غالباً تین یا چار دفعہ stock market میں پیش کیا۔ تاریخ میں پہلی دفعہ ایسا کیا گیا کہ ایک Pakistani bank کو جس کے 23% shares stock market میں پیش کیے وہ پانچ گنا سے زیادہ over subscribed ہوئے۔ آج بھی اس کا ذکر سپریم کورٹ نے کیا کہ اگر Pakistan Steel Mills کو privatize کرنا تھا تو اس کا بہترین طریقہ یہ تھا کہ stock market میں اس کے shares لے جاتے یہ ایک tactive unit تھا، ایک profitable unit ہے اگر stock market میں اس کے shares کو لے کر آ جاتے تو آپ یقین کر لیں کہ یہ قوم دیکھتی کہ اس کے controlling shares بھی حکومت کے پاس رہتے، اس کی management بھی محفوظ ہاتھوں میں رہتی اور جب سٹاک مارکیٹ میں اس کے حصص کو لے کر جاتے تو آپ دیکھتے کہ کتنی بڑی رقم آپ کو حاصل ہوتی۔

جناب والا! جیسے میں نے پہلے ذکر کیا کہ اس issue کو patriot کی طرح دیکھنا چاہیئے۔ قومی سوچ کے ساتھ دیکھنا چاہیئے۔ ہمیں اس بات کا غور رکھنا چاہیئے کہ تھوڑے عرصہ قبل جب ایک دبئی کی کمپنی نے New York Ports کے management shares کو خریدا۔ حالانکہ وہ ایک legal sale تھی۔ وہ امریکن کمپنی بھی نہیں تھی۔ It was a British owned ports company جس کو دبئی کی پورٹس کمپنی نے خریدا لیکن ہم نے دیکھا، ساری دنیا نے دیکھا کہ امریکن کانگریس نے اس sale کو reject کیا۔ It was a lawful transaction between two private companies but the American Congress rejected the deal simply because of this that they did not want any Muslim company,

----یہ پاکستان foreign company to enter in their ports.

Mr. Deputy Chairman: Thank You.

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان، جناب ! just a few minutes اور یہ پاکستان سٹیل مز ایک ایسی strategic location میں ہے کہ یہ پاکستان کے coastal area میں جو بڑے porous بھی ہیں۔ جن لوگوں کو بیچی جا رہی تھی ان کا کوئی background نہیں ہے۔ اس میں یہ بھی سنا جا رہا تھا کہ ہندوستان کی جو steel conglomerate ہے Mittal وہ اس کے پیچھے شامل ہے۔ اگر اس sale کے پیچھے Mittal جیسی کمپنی ہے، جو کہ انڈین origin company ہے آپ اس سے اندازہ کر لیں کہ پاکستان کے جو strategic assets ہیں، جغرافیائی طور پر ایسی location پر ہیں جو porous coastal پر ہیں تو آپ مستقبل میں دیکھئے کہ اس کا ہمیں کتنا نقصان ہو گا۔

جناب چیئرمین ! میں اس بات کا ذکر ضرور کرنا چاہوں گا کہ ہم نے دیکھا ہے کہ پچھلے چند سالوں میں اس ملک کے اندر privatization کا عمل جاری ہوا تو ہم نے ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھا کہ جتنی انڈسٹری کو privatize کیا گیا، چاہے وہ سیمنٹ انڈسٹری تھی، چاہے وہ فرٹیلائیزر انڈسٹری تھی، چاہے وہ پرائیویٹ سیکٹر میں بجلی کی پیداوار تھی، یا KESC کا privatization ہو، ہم نے اس ملک میں عوام کو rip off ہوتے دیکھا ہے۔ جس وقت privatization ہوئی، نئے خریداروں نے، نئے investors نے اپنی قیمتیں چھ مہینے اور ایک سال میں عوام کے خون کو نچوڑ کر اپنی recoveries کی ہیں۔ اب اس بات کا میں مطالبہ کرتا ہوں۔ جناب رضا ربانی صاحب کی تجویز کو سپورٹ کرتے ہوئے کہ Council of Common Interests کے جو decisions ہیں اس پر صوبہ سرحد کے وزیراعلیٰ کی disagreement ہے ان کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں رکھا جائے۔ فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی کیونکہ We do not trust the present government or their members in the Council of Common Interests.

Let this Parliament decide about the privatization policy as well. خالی اس پر نہیں بلکہ اب ہمیں privatization کی پوری پالیسی کو لینا ہے کہ اس ملک کے حکمرانوں کے

آئندہ ارادے کیا ہیں کہ وہ oil and gas sector میں جو investment ہے، جو دوسرے اداروں میں investment ہے۔ کیا ان کو allow کرنا چاہیئے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ یہ فیصلے جلدی میں ہوئے۔ ہماری telecommunication پہلے ہی غیر ملکی ہاتھوں میں جا چکی ہے۔ ہمیں کوئی پتا نہیں کہ front face کس کا ہے، اس کے پیچھے کون لوگ ہیں۔ اسی طرح ہماری سٹیل ملز جس کو دوبارہ بیچنے کا فیصلہ ہوا۔ میں رضا محمد رضا صاحب سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ یہ پاکستانی قوم کے اثاثے ہیں۔ چند افراد کو ہم کبھی اجازت نہیں دیں گے کہ وہ اس ملک کے قومی اداروں کو، چاہے وہ سوئی گیس ہو، چاہے وہ پاکستان سٹیل ملز ہو یا پاکستان کے نیشنل بنکس ہوں ہم کسی طرح بھی چند افراد کو جن کا اس ملک میں کوئی stake نہیں ہے۔ جو معین قریشی کی طرح، شوکت عزیز بھی آیا تھا یہ بھی چلا جائے گا۔ ان کا اس ملک سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ان کا رشتہ ہوائی رشتہ ہے۔ یہ اپنے مفادات کے لئے آئے ہیں۔ یہ اسی طرح چلے جائیں گے۔

جناب والا! آخر میں میں آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس بات کو دہراتا ہوں کہ ہم اس ملک کے قومی اداروں کو نہیں بیچنے دیں گے۔ میں پارلیمنٹ میں دونوں طرف بیٹھے ہوئے لوگوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ صرف اپنی نوکری بچانے کے لئے، اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے یا اس قوم کو ایک دیانت دار اور صحیح مستقبل دینے کے لئے ان اثاثوں کو نہ بیچیں بلکہ اس پالیسی کو پارلیمنٹ کے سامنے دوبارہ لایا جائے۔ بغیر کسی division کے اپنی قومی ذمہ داری اور ضمیر کے مطابق وہاں پر اپنی رائے دیں اور کسی فیصلے پر پہنچیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب پیرزادہ صاحب please take the floor

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب چیئرمین! بہت شکریہ کہ آپ نے اس بڑے اہم ایشو کے اوپر مجھے بولنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ یہ جو سٹیل ملز کا مسئلہ ہے، یہ آج ہمارے ملک کی خوش قسمتی ہے کہ یہاں سٹیل مل پائی جاتی ہے ورنہ بڑے بڑے ملکوں میں سٹیل مل نہیں ہے۔ سب سے پہلے سٹیل مل کا آغاز تاریخ بشریت میں داؤد علیہ السلام کے زمانے میں ہوا تھا۔ سب سے پہلی سٹیل مل داؤد علیہ السلام نے بنائی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے

قرآن میں اس کا ذکر بھی فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان اور قوموں کی زندگی میں جو لوہے کی اہمیت بیان کی وہ قرآن میں بہت زیادہ آتی ہے (عربی) اور ہم نے اپنی رحمت سے لوہے کو نازل کیا اس طرح قوموں کی زندگی میں لوہے کی بڑی اہمیت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا (والنالہ الحدید) کہ ہم نے داؤد علیہ السلام کے لئے لوہے کو موم بنا دیا۔ یعنی وہ اس کو پگھلا کر جیسے بنانا چاہتے تھے وہ بنا لیتے تھے۔ لہذا سب سے پہلے بنی اسرائیل کی حکومت کو یہ طاقت نصیب ہوئی تاکہ وہ دوسری قوموں کے اوپر فضیلت کر سکے اور اسی داؤد علیہ السلام کی سٹیل مل کی وجہ سے دنیا میں سب سے بڑی تاریخی حکومت سلیمان علیہ السلام کی قائم ہوئی اس کی وجہ یہ سٹیل مل ہی تھی جو ان کے والد داؤد علیہ السلام نے بنائی تھی۔ چار دن سے میں یہ سبق سینیٹ میں پڑھ رہا ہوں۔ دونوں طرف سے ماشاء اللہ بڑی اچھی تقریریں ہوئیں' جیسے حزب اقتدار کا ہونا اللہ کی بڑی رحمت ہے ایسے ہی حزب اختلاف کا ہونا بھی بڑی رحمت ہے۔ اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (عربی) میری امت کا اختلاف رحمت ہوتا ہے اگر وہ اختلاف اپنی حدود میں رہے۔

ہمارے ملک میں بھی اس کی بہت زیادہ اہمیت تھی اس لئے اس کو لگایا گیا تھا۔ لیکن اس سٹیل مل کے فروخت ہونے پر یا اس کی privatization ہونے پر جو باتیں ہوئی ہیں اس کے تمام' جتنے بھی مراحل تھے جو کہ سپریم کورٹ تک پہنچے۔ مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس کی privatization جو ہے اور اس کے اوپر جو سپریم کورٹ میں کیس چلا ہے' اس کا جو فیصلہ ہوا ہے یہ اس حکومت کی آزادی اور اس حکومت کے انصاف اور امانت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر یہ کسی dictator کی حکومت ہوتی یا خالصتاً فوجی حکومت ہوتی تو ایسا کیس نہ چل سکتا۔ لہٰذا اس سے ایک نتیجہ میں نے اخذ کیا ہے کہ حکومت میں عدلیہ کو مکمل طور پر آزادی ہے لیکن میں اس بارے میں دونوں اطراف کو صرف ایک نصیحت کرنا چاہتا ہوں کہ ایک دوسرے پر اعتراض کیا جائے اور ایک دوسرے کی رائے کے نقائص بھی نکالے جائیں' یہ تو ائمہ کا پرانا طریقہ رہا ہے۔ ایک امام نے فتویٰ دیا ہے کہ یہ مسئلہ ایسے ہونا چاہیے' دوسرا امام آتا ہے اور کہتا ہے نہیں' فلاں دلیل آپ سے چھوٹ گئی ہے یہ مسئلہ ایسے نہیں ایسے ہونا چاہیے' اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس نے اجتہاد میں غلطی کی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ (عربی)' جب مجتہد اجتہاد کرتا

ہے تو فلہ اجران، اس کی دو نیکیاں ہیں۔ایک اس کے اجتہاد کرنے کی اور ایک صحیح اجتہاد کرنے کی اور اگر اس نے غلط اجتہاد کیا تو (عربی) اس کے لیے ایک اجر موجود ہے کہ اس نے اجتہاد تو کیا لیکن اس میں غلطی ہو گئی ہے۔

اگر کسی قسم کی mistake وغیرہ ہوئی ہے اور اس کو سپریم کورٹ نے واضح کر دیا ہے تو اس میں ہمیں حکومت کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ اس قسم کا واقعہ تاریخ میں حکومتوں میں نادر طور پر ہوتا ہے کہ امت میں یا حکومت سے یا غیر حکومت سے یا عوامی طور پر کوئی فیصلہ ہوا ہے اور اس کے اندر جزوی نقص تھا تو اس کو حکومت کے ایوان بالا نے جس کو سپریم کورٹ کہا جا سکتا ہے اس نے اس کو درست کر دیا۔ تو یہ عدلیہ کی آزادی کی دلیل ہے اس ملک میں لیکن دونوں طرف والے اگر احساس کرلیں حزب اختلاف اور حزب اقتدار والے دونوں۔ اس کے لیے میں صرف ایک شعر پڑھ کے اپنی بات ختم کرتا ہوں کہ

غیر کی آنکھوں کا تنکا تجھ کو آتا ہے نظر

دیکھ اپنی آنکھ کا غافل ذرا شہتیر بھی

اگر ہم سب اپنی آنکھوں کے شہتیر دیکھنے لگ جائیں تو کوئی معصوم نہیں ہے یہاں (عربی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (عربی) ہر ابن آدم غلطی کرتا ہے (عربی) اور سب سے اچھے غلطی کرنے والے وہ ہیں جو غلطی کرنے کے بعد اس کا اعتراف کر کے توبہ کرلیں۔ تو جتنی بھی پچھلی حکومتیں آئیں ان کو بھی توبہ کرنی چاہیے اپنی غلطیوں پر۔ اگر یہاں یہ غلطی ہوئی ہے تو ہمارے بڑوں نے اس غلطی کو سیدھا کر دیا ہے۔ اس میں میں حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اتنی اچھی بحث کے بعد مجھے لگتا ہے کہ ملکی تاریخ میں ایسی غلطیاں آئندہ نہیں ہونگی اور اگر غلطی کا اعتراف کر لیا جائے اور جن لوگوں سے غلطی ہوئی ہے انہوں نے اعتراف کیا ہے۔ حکومت خود اعتراف کر رہی ہے کہ کچھ mistake ہوئی ہے۔ یہ حکومت کی فضیلت ہے، حکومت کا نقص نہیں ہے۔ وما علینا الا البلاغ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اعوان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیرالدین بابر اعوان، ایک procedural بات عرض کرنا چاہتا ہوں لیکن اس سے پہلے جو علامہ صاحب نے ارشاد فرمایا' بہت اچھا شعر ایک بہن نے پڑھا تھا جب میں تقریر کر رہا تھا۔ انہوں نے شبیر کہہ کے اپوزیشن کو مخاطب کیا۔ میں شعر میں ہی ان کو جواب عرض کر دیتا ہوں کہ

سورج پہ لگے دھبہ قدرت کے کرشمے ہیں
بت ہم کو کہیں کافر اللہ کی مرضی ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین، رضا صاحب! آپ اور کامل آغا صاحب آپس میں decide کر لیں۔ Leader of the Opposition request کر رہے ہیں کہ ابھی بھی پانچ چھ سپیکرز رہتے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب کل کے لیے میرا خیال ہے۔

سینیٹر طارق عظیم خان( وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات)، آغا صاحب نے کہا تھا کہ آج وقفہ نہ کیا جائے نماز کا' تین بجے wind up کریں گے۔

سینیٹرمیاں رضا ربانی، نہیں Sir, یہ agree نہیں ہوا تھا۔ Sir, I am sorry یہ بات agree نہیں ہوئی تھی کہ آج ہی wind up کریں گے۔

سینیٹر طارق عظیم خان، رضا صاحب! آپ کے لوگوں کو یہاں ہونا چاہیے تھا۔ ان کے نام دیے گئے تھے۔ If they are not present, it is not a fault of the Chair or anybody else.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is not the fault of the Chair. It was an understanding of which the honourable Minister is not aware that the debate will go on and therefore, the people object. It is now 2.30 and we agree کہ وقفہ نہ ہو اور جتنے لوگ بول سکیں بول لیں۔

Heavens are not going to fall if the debate is wound up tomorrow and in any case, I mean if they insist, if this Minister insists on having the

debate then he can't have debate wound up today. I do not want to say anything more. Because, we have a very good understanding with the Minister for Parliamentary Affairs and the Leader of the House but if they want to viciate that then the debate cannot be wind up.

**Mr. Deputy Chairman:** I think we have understanding with all the colleagues. Yes, Ahmad Ali Sahib.

**Senator Mian Raza Rabbani:** But if they want to initiate that the debate cannot be wound up today.

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** احمد علی صاحب۔

**سینیٹر احمد علی:** جی جناب ! thank you very much میرا خیال ہے کہ آج debate ختم ہو جانی چاہیے کل جمعہ کا دن ہے، دو گھنٹے مشکل سے ملیں گے، اس کے اندر کیا discussion ہو گی۔

(مداخلت)

**Senator Mian Raza Rabbani:** But if they are going to bring that situation then I think the debate cannot be wound up today.

**Mr. Deputy Chairman:** No, it will not come today, we will not... The Senate is very different.

*(Interruption)*

**Senator Mian Raza Rabbani:** This is what I am saying.

**Mr. Deputy Chairman:** What we can do is

کہ ابھی جو speakers رہ گئے ہیں there are, we have got 5 speakers.

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** جناب! یہ پانچ صبح ہو جائیں گے۔

Mr. Deputy Chairman: How can we conclude it? Let us keep up our system functional...

ایسے کرتے ہیں کہ کوئی بات نہیں ہے، میرے خیال میں Treasury Benches میں سننے کا بھی ہمت، حوصلہ ہے اور وہ سن رہے ہیں۔ I think Kamil Agha will be there تو وہ manage کر لیں گے۔ الیاس بلور is very fond of Kamil Ali Agha وہ کہتے ہیں کہ---

(مداخلت)

Mr. Deputy Chairman: I think,

نام ابھی بھی ہیں، آپ کا نام بھی ہے، میڈم پری گل بھی ہیں اور رخسانہ زبیری بھی ہیں۔

So, then we adjourn the House for tomorrow till 10.00 a.m. Thank you very much.

---

*(The House was then adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Friday, August 18, 2006.)*

---